# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Thursday the 25 April, 2024

($337^{th}$ Session)

Volume III, No.01

(Nos.01-03)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume III | SP.III (01)/2024 |
| No.01 | 15 |

# Contents


1. **Recitation from the Holy Quran ..................................................... 1**
2. **Panel of Presiding Officers ............................................................ 2**
3. **Leave of Absence ............................................................................ 3**
4. **Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules .............. 4**
5. **Motion under Rule 204 moved by Senator Mohammad Ishaq Dar regarding [The Tax Laws (Amendment) Bill, 2024] ......................... 4**
6. **Ruling of the Chair regarding Constitution of Special Committee on the Money Bill, [The Tax Laws (Amendment) Bill, 2024] ................ 5**
7. **Laying of copy of the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024 ................................................................................................ 7**
8. **Introduction of [The Election (Amendment) Bill, 2024] .................. 8**
9. **Introduction of [The Motion Pictures (Amendment) Bill, 2023] ..... 8**
10. **Introduction of [The Establishment of Special Court Overseas Pakistanis Property) Bill, 2023] ...................................................... 9**
11. **Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition ...................... 9**
    - *Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House)................16*
    - *Senator Anwaar-ul-Haq Kakar.....................................................26*
12. **Laying of the Pakistan Broadcasting Corporation (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.II of 2023) ..................................29**
13. **Laying of The Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.III of 2023) .................................30**
14. **Laying of the Pakistan Postal Services Management Board (Amendment) Ordinance, 2023(Ordinance No.IV of 2023)............30**
15. **Laying of the National Highway Authority (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.V of 2023).....................................................31**
16. **Laying of the Criminal Laws (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No. VI of 2023)...........................................................31**
17. **Laying of the Privatization Commission (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.VII of 2023) ...................................................32**
18. **Laying of the Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Ordinance, 2023 (Ordinance No. VIII of 2023) .................32**
19. **Maiden Speech by Senator M. Fesal Vawda..................................33**
    - *Senator Mohsin Aziz ....................................................................41*
    - *Senator Manzoor Ahmed............................................................43*
20. **Point of order raised by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur regarding equal representation of women in the Assemblies and Senate according to percentage of population..............................50**
21. **Point of order raised by Senator Danesh Kumar regarding importance of point of order and committees ................................................52**

22. **Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding alleged corruption by PASSCO with respect to wheat purchase ........................................................................................53**
23. **Point of Public Importance raised by Senator Jan Muhammad regarding lack of funds for universities and the flood situation in Balochistan ...................................................................................55**
    - *Senator Poonjo Bheel .................................................................56*
24. **Point of public importance raised by Senator Taj Haider regarding demolition of Islamabad Tennis Club by the CDA..........................58**
25. **Point of Public Importance raised by Senator Khalida Ateeb regarding continuous worsening law and order situation in Karachi............62**
26. **Point of Public Importance raised by Senator Aon Abbas regarding low purchasing target of wheat set by Government of the Punjab despite bumper crop....................................................................64**
    - *Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice..........67*
    - *Senator Zamir Hussain Ghumro..................................................69*
    - *Senator Saifullah Abro................................................................72*

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Thursday, the April 25, 2024

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at four minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ
لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ﴿٩﴾ وَّ اَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٠﴾
وَ يَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ﴿١١﴾ وَ جَعَلْنَا الَّيْلَ وَ
النَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَ جَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ وَ كُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿١٢﴾

ترجمہ: یہ قرآن وہ رستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ ان کے لیے اجر عظیم ہے۔ اور یہ بھی (بتاتا ہے) کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے لیے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور انسان جس طرح (جلدی سے) بھلائی مانگتا ہے اسی طرح برائی مانگتا ہے۔ اور انسان جلد باز (پیدا ہوا) ہے۔ اور ہم نے دن اور رات کو دو نشانیاں بنایا ہے رات کی نشانی کو تاریک بنایا۔ اور دن کی نشانی کو روشن تاکہ تم اپنے پروردگار کا فضل (یعنی روزی) تلاش کرو اور برسوں کا شمار اور حساب جانو۔ اور ہم نے ہر چیز کی (بخوبی) تفصیل کر دی ہے۔ (سورۃ بنی اسرائیل آیات نمبر ۹ تا ۱۲)

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

## Panel of Presiding Officers

Mr. Chairman: Now, I will announce Panel of Presiding Officers. In pursuance of sub-rule (1) of rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I nominate the following members in order of precedence to form a panel of presiding officers for 337th Session of the Senate of Pakistan:

1. Senator Shahadat Awan.
2. Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui.
3. Senator Samina Mumtaz Zehri.

I now, call upon Mr. Abdul Wasay and Mr. Muhammad Fesal Vawda, members elect to take the oath.

جناب چیئرمین: (عربی) میں صدقِ دل سے حلف اٹھاتا ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی اور وفادار رہوں گا کہ بحثیت رکن سینیٹ میں اپنے کارہائے منصبی، ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین اور قانون اور سینیٹ کے قوائد کے مطابق، پاکستان کی خود مختاری، سالمیت، استحکام، بہبودی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گا، کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لیے کوشاں رہوں گا جو پاکستان کی بنیاد ہے اور یہ کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کو برقرار رکھوں گا اور اس کا تحفظ اور دفاع کروں گا۔ اللہ تعالیٰ میری مدد اور رہنمائی فرمائیں آمین۔

Mr. Chairman: Now I call upon Mr. Abdul Wasay and Mr. Muhammad Frsal Vawda to come and sign the membership.

(اس موقع پر نو منتخب ممبران نے رول آف ممبرز پر دستخط کیا)

## **Leave of Absence**

Mr. Chairman: Senator Syed Shibli Faraz has requested for the grant of leave for 8th March, 2024 during 335th Session due to personal engagements. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Saeed Ahmed Hashmi has requested for the grant of leave for the whole 335th Session due to personal engagements. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Aon Abbas has requested for the grant of leave for 7th March, 2024 during 335th Session due to personal engagements. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Taj Haider has requested for the grant of leave for 6th March, 2024 during 335th Session due to personal engagements. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Senator Palwasha Mohmmad Zai Khan has requested for the grant of leave for 8th March, 2024 during 335th Session due to health reasons. Is the leave granted?

(Leave was granted)

Mr. Chairman: Order No.2. Senator Mohammad Ishaq Dar.

## **Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules**

Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House): I, beg to move under Rule 263 of the Rules of Procedure and conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said rules regarding question hour be dispensed with for the whole current session.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said rules regarding question hour be dispensed with for the whole current session.

(the motion was carried)

Mr. Chairman: I will give you time after this because we have already started. Order No.3. Senator Mohammad Ishaq Dar Leader of the House.

## **Motion under Rule 204 moved by Senator Mohammad Ishaq Dar regarding [The Tax Laws (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Mohammad Ishaq Dar: I, beg to move under Rule 204 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the House may authorize the Honourable Chairman Senate to appoint a Special Committee to examine the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024 and present its recommendations thereon to the House.

(the motion was carried)

## **Ruling of the Chair regarding Constitution of Special Committee on the Money Bill, [The Tax Laws (Amendment) Bill, 2024]**

Mr. Chairman: On Order No.3. I want to give a ruling. Order No.3 on the Orders of the day for today's sitting pertains to the Constitution of Special Committee.

In accordance with Rule 174 of the Rules and Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, Senate Committees are mandated to be formed within two months following the election of the Chairman and the Deputy Chairman. The process of constituting Committees has commenced, with preferences from Members being solicited to ensure alignment with their aspirations and the best interest of the House of the Federation.

The Constitution entrusts upon Parliament the duty of meticulous examination and review of all financial matters, particularly those related to Money Bills, which holds significant implications for our Country's fiscal health and governance. Within this framework, the Senate, as the upper House, assumes a pivotal role in conducting comprehensive scrutiny and analysis of financial legislation. The recommendations put forth by the Senate carry substantial influence in shaping the ultimate outcome of Money Bills.

The Senate rules encompass thorough mechanism to ensure the fulfillment of the House and its member's Constitutional obligation. Rule 204 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, outlines the establishment of Special Committees to

facilitate the in-depth consideration of a matter. This provision was also present in the Senate Rules of 1988, in the form of Rule 180 and in the Rules of Procedure and Conduct of Business in Senate, 1973, in the form of Rule 173 of the said Rules. As per established Parliamentary practice, Special Committees have historically been formed during Senate transitions every three years to ensure the continuity of the House's Business, even in the absence of regular Committees. Notably, Special Committees were constituted by the House during the tenures of Former Chairmen Senate in the years 1985, 1988, 1991, 1994, 1997, 2009, 2012, 2015 and so on, to deliberate on Bills or other significant matters while regular Committees were being formulated.

Continuing with the parliamentary tradition, upholding the constitutional mandate and ensuring smooth functioning of the legislative process, a special committee is being constituted to deliberate upon and scrutinize the money bill in question. As the House has entrusted me with this responsibility of constitution of Special Committee. I hereby constitute the Committee with the following composition:-

(i) Senator Farooq H Naek
(ii) Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for law & justice and parliamentary affairs
(iii) Senator Syed Ali Zafar

The committee will deliberate and present its report in the sitting of the Senate to be held on Monday, the 29th April, 2024.

I trust that all honourable Members of this House will extend their full cooperation and support to this

special committee in fulfilling its crucial responsibilities in accordance with the principles of parliamentary democracy and constitutional governance. Thank you.

Order No 4. Yes please, Leader of the House.

## Laying of copy of the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024

Senator Muhammad Ishaq Dar (Leader of the House): Thank you. Sir, on behalf of Minister of Finance, I am pleased to lay before the Senate a copy of the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024, as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Copy of the Money Bill stands laid and referred to the Special Committee. Order No. 5.

Senator Mohammad Ishaq Dar: Thank you Mr. Chairman. On behalf of Minister of Finance I beg to move that Senate may make recommendations, if any, to the National Assembly on the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024, under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: The Special Committee shall examine the Money Bill, the Tax Laws (Amendment) Bill, 2024, and present it report before the House by Monday the 29th April, 2024. The Senate would consider the report of the Committee and make the recommendations to the National Assembly. Order No. 6.

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف): جناب چیئرمین! دو منٹ کا business ہے۔ اس کے بعد یہ بات کر لیں۔ تھوڑا سا business ہے۔ یہ دو تین items ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ۔ آپ میری بات سن لیں۔ میں نے Leader of the Opposition سے بات کر لی ہے۔ میں نے ان کو کہا ہے کہ اس چھوٹے سے ایجنڈے کے بعد آپ کو فلور دوں گا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! یہ چیز صرف lay کرنی ہے۔ نہ کوئی بل پاس کرنا چاہتے ہیں اور نہ کسی بل پر بحث ہو گی۔ اس کے بعد یہ بات کر لیں گے۔

جناب چیئرمین: Leader of the House سے میری بات ہو گئی ہے۔ جی، تارڑ صاحب۔

**Introduction of [The Election (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I wish to introduce a bill further to amend the Election Act, 2017 [The Election (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.7.

**Introduction of [The Motion Pictures (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, On behalf of Minister for Information and Broadcasting, I wish to introduce a Bill further to amend the Motion Pictures Ordinance, 1979 [The Motion Pictures (Amendment) Bill, 2023].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No.8.

## **Introduction of [The Establishment of Special Court Overseas Pakistanis Property) Bill, 2023]**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, On behalf of Minister for Overseas Pakistanis and Human Resource Development, I wish to introduce a Bill to establish special courts for adjudication of petitions in respect of immovable properties of Overseas Pakistanis [The Establishment of Special Court Overseas Pakistanis Property) Bill, 2023].

Mr. Chairman: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Yes, Leader of the Opposition.

## **Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition**

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ اے اللہ ہم تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ اس ہاؤس کا یہ پہلا سیشن ہے اور یہ ہمارا پہلا business year شروع ہو رہا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس سے پہلے کہ ہم آگے کی طرف جائیں۔ یہ بڑا ضروری اور اہم ہے کہ ہم ان واقعات کو جو کہ گزر چکے ہیں اور جو گزر رہے ہیں اور ہم نے آگے کس طرف جانا ہے۔ سب سے پہلے تو میں اپنے قائد عمران خان کی قیادت کو سلام پیش کرتا ہوں کہ جس ثابت قدمی سے اور جس دلیری کے ساتھ وہ جمہوریت کے لیے، پاکستانی عوام کے حقوق کے لیے اور قانون کی حکمرانی کے لیے کھڑے ہیں۔ ان پر سیاسی مقدمات بنا کر پچھلے تقریباً 9 مہینوں سے پابند سلاسل کیا ہے۔ چیئرمین عمران خان کی نہ استقامت میں کوئی فرق آیا ہے اور نہ ہی ان کی کوئی بات سامنے آئی ہے کہ جس سے یہ لگے کہ ان ساری مشکلات سے وہ تنگ آ چکے ہیں۔ پاکستان کی تاریخ میں اس طرح پہلے کسی کے ساتھ نہیں ہوا تھا۔ ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ ہوا تھا۔

لیکن اس کے ساتھ ساتھ بشریٰ بی بی کے ساتھ جو سلوک ہو رہا ہے۔ جو کہ ایک خاتون خانہ ہے۔ ان کو جھوٹے کیسوں میں ملوث کرکے ان کو بھی جیل میں رکھا ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! میرے خیال میں پاکستان کی تاریخ میں یا recent memory میں اتنا نہیں ہوا ہوگا کہ جتنے سیاسی قیدی اس وقت ملک میں موجود ہیں۔ ان میں 99.9 فیصد کا تعلق پاکستان تحریکِ انصاف سے ہے۔ اگر آپ دیکھیں تو کسی کو بھی نہیں چھوڑا گیا۔ خواتین کو لے لیں۔ یاسمین راشد، طیبہ، عالیہ حمزہ، عمر چیمہ اور اس کے ساتھ ساتھ ہمارے اس معزز ایوان کے ممبر ہیں اعجاز چوہدری صاحب، ان کا production order کل ہم نے آپ کو بھیجا تھا۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ صرف حکومتی اراکین کے چیئرمین نہیں ہیں بلکہ آپ پورے ہاؤس کے چیئرمین ہیں۔ آپ اپوزیشن کی بھی نمائندگی کرتے ہیں اور آپ حکومتی اراکین کی بھی نمائندگی کر رہے ہیں۔ تو ہم آپ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ آپ اعجاز چوہدری کے production order کے لیے اپنی تمام تر کوششیں کریں گے اور ہم چاہیں گے کہ وہ ہمارے درمیان موجود ہوں۔

جناب چیئرمین! پچھلے دو سال میں جو کچھ ہوتا رہا ہے۔ اس کے point of departure or initiation point کو اگر آپ دیکھ لیں۔ جس طریقے سے ہماری حکومت ختم کی گئی۔ اس کی تفصیلی بھی سارے پاکستانی جانتے ہیں لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ سلسلہ شروع کہاں سے ہوا۔ وہ تب ہوا جبکہ ہم ایک جمہوری پارٹی ہونے کی حیثیت سے آئین اور قانون پر عمل کرنے والی پارٹی ہیں۔ یہ ہماری جدوجہد کا ایک بنیادی ستون ہے کہ اگر اس ملک نے ترقی کرنی ہے تو وہ آئین اور قانون کی حکمرانی سے ہوگی۔ ہوا کیا کہ ہم نے اپنی حکومتوں کو پنجاب اور خیبر پختونخوا میں dissolve کر دیا۔ یہ بالکل ایک جمہوری اور آئینی عمل تھا۔ As per the Constitution انتخابات نوے دنوں میں ہونے تھے۔ یہ فرض ہے الیکشن کمیشن آف پاکستان اور باقی حکومت کا کہ وہ security بھی اور فنڈز بھی اور جو بھی infrastructure الیکشن منعقد کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس کا انتظام کریں لیکن مجھے بڑا افسوس ہے کہ بجائے اس کے کہ وہ انتخابات منعقد کیے جاتے، اس کی جگہ ایک interim حکومت بنادی گئی، ایک caretaker حکومت بنادی گئی جس نے پاکستان تحریکِ انصاف پر ظلم اور جبر روا رکھنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ ہمارے workers پر، ہماری leadership پر مظالم ڈھائے گئے، خواتین پر تشدد، گھروں میں

گھسنا، چادر اور چار دیواری کی violation کرنا، لوگوں کو اٹھالینا۔ بجائے اس کے کہ الیکشن ہوتے جو کہ آئین کہتا ہے، یہ ہم نہیں کہتے، پاکستان تحریک انصاف نہیں کہتی کہ آپ کو الیکشن کروانے ہیں۔ آئین پر چلتے ہوئے ہم نے یہ کہا۔ پھر اس کے بعد جب وفاقی حکومت ختم ہوئی، اس نے جب اپنا tenure ختم کیا تو چونکہ ایک دو روز پہلے ختم کر دی گئی تھی تو 90 دنوں کے اندر انتخابات ہونا تھے۔ انتخابات نہیں ہوئے۔

پھر interim حکومت جس کی آئین میں کوئی گنجائش نہیں ہے، اگر ہے تو چیئرمین صاحب! آپ مہربانی فرما کر اس ایوان کو بتائیں کہ آیا یہ آئین میں ہے کہ ایک caretaker حکومت جس کا کہ ایک specific task ہوتا ہے، اس کو expand کرکے، آئین کو override کیا گیا اور اس caretaker حکومت کو ایک ایسا mandate دیا گیا جس کی آئینی طور پر کوئی گنجائش ہی نہیں ہے۔ اب آپ بتائیں کہ جب کوئی بھی ملک یا کوئی بھی سیاسی نظام آئین سے ماوراء ہو کر بات کرے گا تو پھر اس ملک کا کیا حال ہوگا؟ یہ چیزیں ہوتی رہیں، پھر الیکشن میں بھی ہمیں سپریم کورٹ جانا پڑا۔ سپریم کورٹ کو فیصلہ کرنا پڑا کیونکہ الیکشن کمیشن نے تو الیکشن کروانے سے انکار کر دیا تھا۔ جب الیکشن announce ہوگئے تو ان کا پھر بھی جی نہیں بھرا۔ ہماری پارٹی کے انتخابات کو غلط قرار دے کر اور ایک بہانہ کرکے، ہم سے ہمارا انتخابی نشان bat لے لیا گیا۔ آپ جانتے ہیں کہ کسی بھی سیاسی جماعت کا ایک symbol ہوتا ہے جس کی بنیاد پر لوگ اسے ووٹ دیتے ہیں۔ چونکہ ہمارے ملک میں ناخواندگی اتنی ہے کہ ہمارے لوگ symbol کو دیکھ کر ووٹ ڈالتے ہیں۔ یہ اعتراض کیا گیا کہ آپ نے الیکشن چمکنی میں کیوں کروایا۔ جیسے چمکنی پاکستان سے باہر ہو۔ صاف نظر آرہا تھا کہ وہ ہمیں انتخابی نشان نہیں دیں گے۔ چلیں یہ بھی ہوگیا۔ ہمیں as a party contest نہیں کرنے دیا گیا۔

اس کے بعد ہمیں انتخابی نشانات دیے گئے، وہ مضحکہ خیز تھے۔ محترم چیئرمین گیلانی صاحب! آپ کی ایک بڑی سیاسی تاریخ ہے، آپ ایک سیاسی ورکر رہے ہیں، آپ نے ایک بڑے level پر سیاست کی ہے اور آپ نے تمام مراحل دیکھے ہیں۔ وہاں پر کیا ہوا؟ جب ہم سے انتخابی نشان چھین لیا گیا اور ہم وہ بچے بن گئے کہ جن کے والدین کا ID card cancel کر دیا جاتا ہے، آپ کو نہیں پتا کہ آپ کس کی نمائندگی کرتے ہیں۔ پھر جو انتخابی نشانات دیے گئے، وہ انتہائی مضحکہ خیز اور

confusion create کرنے والے تھے۔ یہ جانتے ہوئے کہ چونکہ پاکستان کے عوام کی اکثریت اتنے زیادہ پڑھے لکھے نہیں ہیں تو ان کو confuse کیا جاسکے اور وہ ہمارے candidates کو ووٹ نہ دے سکیں۔ آپ نے کسی کو بینگن کا نشان دیا، کسی کو ڈھول، کسی کو ٹماٹر اور کسی کو کدو کا نشان دیا لیکن اسی ٹماٹر، اسی کدو، اسی ڈھول اور بینگن نے ان کو شکست دی۔ عوام نے یہ ثابت کیا کہ وہ کس کے ساتھ کھڑے ہیں۔ میں پاکستان کے عوام کو خراج تحسین اور salute پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنا جمہوری حق استعمال کیا۔ ان کا سسٹم کے against جو بھی protest تھا، بجائے کسی بھی پر تشدد activities کی طرف جانے کے، انہوں نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ انہوں نے فیصلہ دیا کہ وہ عمران خان کے پیچھے کھڑے ہیں۔ جب یہ بھی نہیں ہو سکا تو پھر ہمیں reserved seats سے محروم کر دیا گیا۔ مخصوص نشستیں ہمارا حق تھیں، اس سے بھی ہمیں deny کیا گیا۔

جناب چیئرمین! مجھے بڑی خوشی ہے کیونکہ آپ نے ویسے بھی الیکشن جیتنا تھا، آپ الیکشن جیت جاتے کیونکہ آپ کی numerical strength بھی تھی اور ہم اسے contest نہیں کر سکتے تھے لیکن کیا یہ مناسب ہے کہ ایک ہاؤس آف دی فیڈریشن جو کہ بنیادی طور پر صوبوں کی نمائندگی کا ایک ہاؤس ہے، جو کہ پاکستان کے وفاق کا ایک symbol ہے، اس کی نمائندگی سے ایک صوبے کو محروم کیا جائے اور اس کو disenfranchise کیا جائے؟ آج کے دن ہمارے خیبر پختونخوا کے سینیٹرز اس ہاؤس میں موجود نہیں ہیں۔ یہ بڑے دکھ کی بات ہے۔ ایک میز ہو جس کے چار پائے ہوں، اگر آپ اس کا ایک پایہ ہٹا دیں تو وہ stable نہیں رہ سکتی۔ یہ ہاؤس morally, legally, constitutionally اپنے آپ کو بہت handicapped سمجھتا ہے کیونکہ the House is not complete yet. الیکشن ہوئے، باقی بھی ہاؤس complete نہیں تھا لیکن یہاں پر ہوئے۔ یہ سب چیزیں کیا تھیں؟ یا آئین کی violation تھی۔ اگر ہم اپنی آنکھیں بند کر لیں اور do in Rome as the Romans do اور آئین و قانون کی پاسداری کی بجائے ہم ویسے ہی چلتے رہیں گے جس طرح جس کی لاٹھی اس کی بھینس ہوتی ہے تو پھر یہ ایک معاشرہ یا ایک یونٹ نہیں رہے گا۔

ہم نے دیکھا کہ ماضی میں بھی ایسے واقعات رونما ہوئے کہ جس کے باعث پاکستان کمزور ہوا۔ سوال یہ ہے کہ affected parties کہاں جاتی ہیں؟ وہ قانون کی عدالتوں میں جاتی ہیں۔ ہم عدالتوں میں گئے لیکن ہمیں انصاف کیا ملتا، عمران خان کے کیسز جس طرح سے چلے، جس طرح سے انہیں سزائیں ہوئیں، وہ سب کے سامنے ہے۔ اس پر ساری دنیا نے comment کیا ہے۔ جناب! ہم اس طرح نہیں کر سکتے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جو الیکشن ہوئے، جیسے تیسے ہوئے لیکن فارم 45 سے فارم 47 تک جاتے ہوئے انتخابات کے نتائج کو یکسر بدل کر رکھ دیا گیا۔ ہمارے جو نئے دوست آئے ہیں، وہ تو ٹھیک طریقے سے آئے ہیں لیکن ان کا جو electorate ہے، جس نے ان کو elect کیا ہے، وہ legitimate نہیں ہے۔ یہ ایک بڑی غلط بات ہے اور اس سے یہ لگتا ہے کہ یہ ملک آئین اور قانون پر نہیں چل رہا۔ جس طرح سے ساری دنیا میں دیکھا گیا، FAFEN ہو، PATTAN ہو، کوئی اور international ادارہ بھی ہو، انہوں نے یہی کہا ہے کہ جس طرح سے الیکشن منعقد کیے گئے ہیں، اس پر سخت اعتراضات ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایک ایسے ماحول میں تبدیلی آنی چاہیے جہاں پر ایک ہاؤس کے اراکین جو بیٹھے ہوئے ہوں اور ان کو پتا ہو کہ وہ الیکشن ہارے ہوئے تھے اور ان کا result change کر دیا گیا۔ بعض ایسے اراکین بھی ہیں، میں ان کو سلام پیش کرتا ہوں، جیسے حافظ نعیم صاحب جن کا اعلان کر دیا گیا لیکن انہوں نے کہا کہ ہم جیتے نہیں تھے، جیتا کوئی اور تھا اور وہ withdraw کر گئے۔ جب تک اس ملک میں اس طرح کا نظام چلے گا، ہم کیا کریں؟ اگر ہائی کورٹ کے جج صاحبان letter لکھ رہے ہیں کہ کن حالات میں وہ کام کر رہے ہیں تو پھر ہم جیسے بے چاروں کا کیا ہوگا۔

جناب! ہم ایک پرامن جماعت ہیں جس کی struggle ہی یہ ہے کہ اس ملک میں جب تک ایک قانون نہیں ہوگا اور جب تک آئین کی حکمرانی نہیں ہوگی، یہ ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ آپ دیکھ لیں کہ ہماری جتنی بھی معاشی مشکلات ہیں، ہمارے معاشرے میں جو ایک خوف اور تذبذب کی فضا پھیلی ہوئی ہے۔ جب ملک کی سب سے بڑی political party کا سربراہ جیل میں ہو، جب اس کی leadership بھاگی ہوئی ہو، under ground ہو یا جیلوں میں ہو، جب اس کے ورکر بھی جیلوں میں ہوں تو ملک میں کیسے سیاسی استحکام آ سکتا ہے۔ الحمد للہ جب ہمارے دوست اس ایوان میں elect ہو کر آئیں گے تو we will be the biggest parliamentary

party in the House. اسی طرح National Assembly میں بھی ہم سب سے بڑی پارلیمانی جماعت ہیں باوجود اس کے کہ جو کچھ بھی ہوا پھر بھی ہماری تعداد زیادہ ہے and you cannot ignore us. Let me put it this way that we are a reality and you cannot set us aside. اس ملک کو آگے بڑھنا ہے۔ جو اس ملک کا نظام ہے، وہ عمران خان کے نام پر کھڑا ہے۔ آپ نے دیکھ لیا کہ آپ نے جو کچھ بھی کیا، آپ نے امیدواروں کو کدو یا بینگن کا نشان دیا، لوگوں نے پھر بھی اسے elect کیا۔ عوام کی with a leader and ideology یہ commitment ہوتی ہے۔ ہم نے ملک کو آگے چلانا ہے کیونکہ ابھی ہمارے سامنے بہت بڑے challenges ہیں۔ Treasury benches پر بیٹھی ہوئی جتنی بھی political parties ہیں، نہ ان کا کوئی ایجنڈا ہے اور نہ ہی کوئی manifesto ہے۔ ان کے متعلق شاعر نے کہا تھا کہ

اپنے اپنے بے وفاؤں نے ہمیں یکجا کیا ورنہ تو میرا نہ تھا اور میں تیرا نہ تھا

ان کے ساتھ یہ صورتحال ہے۔ اس قسم کی صورتحال میں جب حکومت نے IMF کے ساتھ معاہدہ کرنا ہے اور ہم ملک کو جن حالات میں لے کر آئے ہیں، آیا ان حالات میں ہم ملک کو آگے لے جا سکیں گے، آیا ہم privatization process کو حل کر سکیں گے اور آیا ہم energy sector کے problems حل کر سکیں گے؟ جناب! Every penny that you borrow, you will come to a stage where your sovereignty will be compromised by a dollar. We cannot afford to have sovereignty اور اسی وجہ سے ہم اپنے مفادات میں فیصلے نہیں کر سکتے ہیں۔ All my sympathies are with the Finance Minister of this country that what he has to negotiate with. ہمارے پاس کچھ ہے ہی نہیں۔ ہم ہمیشہ پیسے مانگ رہے ہوتے ہیں۔ ہماری شاہ خرچیاں legendry ہیں۔ کوئی rule of law and property rights نہیں ہیں۔ اگر یہ چیزیں ملک میں نہیں ہوں گی تو کون invest کرے گا۔ Democracy, political stability and democratic culture یہ وہ تین چیزیں ہیں جو ساتھ میں جڑی ہوئی ہیں۔ ہم نے ایک ایسا ماحول پیدا کرنا ہے جس میں ہم یہ کہیں کہ طاقت کا سرچشمہ عوام ہے جو آپ کی پارٹی ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے سے

کہتی آ رہی ہے تو اسے implement بھی کرنا ہے کہ ہم اس ملک کے فیصلے سب کو ساتھ ملا کر کر سکیں۔ یہ ایک بندہ اور ایک پارٹی نہیں کر سکتی ہے۔ جو پہلی requirement ہے، وہ یہ ہے کہ وہ پاکستان کی پوری population کو command کر سکتا ہو۔ وہ respect command کرتا ہو اور اپنے فیصلوں کو legitimacy دے سکتا ہو۔ Imran Khan is the solution for all the problems that we have. یہ بات نہیں کہ ملک صرف ایک شخص کا محتاج ہو گیا ہے بلکہ وہ ایک ایسا شخص ہے جسے پاکستان کے عوام چاہتی ہے اور اسے لانا چاہتی ہے۔

جناب! ایک شخص جس کا نام عمران خان ہے، جو قیدی نمبر 804 ہے، جب تک وہ جیل میں ہوگا، جب تک اس کی political leadership جیل میں ہو گی، جب تک پاکستان تحریک انصاف کی persecution ہوتی رہے گی، یہ ضرور سوچیں کہ یہ آج ہم ہیں، کل یہ وقت آپ پر بھی آ سکتا ہے۔ آپ کے گھر میں بھی خواتین ہیں جس طرح ہمارے گھروں میں ہیں۔ جو کچھ ہمارے ساتھ ہوا ہے، ہم نہیں چاہتے کہ یہ ان کے ساتھ بھی ہو۔ فراز صاحب کا ایک شعر ہے کہ

میں آج ضبط پہ اگر ہوں تو خوش گمان نہ ہو
چراغ سب کے بجھیں گے ہوا کسی کی نہیں

I am about to finish. ہم نے اس ایوان کے تقدس کو بحال کرنا ہے کیونکہ یہاں سے ایسے، ایسے بل پاس ہوئے، ایسی، ایسی resolutions پاس ہوئیں کہ نہ تو وہ کوئی proprietary demand کرتے تھے اور نہ quorum پر پورا اترتے تھے۔ 12 بندوں کی موجودگی میں یہاں پر resolutions پاس ہوئی تھیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ اگر ہماری اور ایوان کی عزت ہو تو پھر ہم نے ان کے لئے کام بھی کرنا ہے۔ ہم نے ہر اس چیز کو روکنا ہے جو ایوان کے تقدس اور اس کی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ میری آخر میں یہی demand ہو گی کہ let sanity prevail and let the things the way they are. میں تو کچھ بھی نہیں ہوں لیکن as Leader of the Opposition آپ کو بتا رہا ہوں کہ ظلم کا نظام نہیں چل سکتا ہے۔ جب تک آپ آئین اور قانون کے تحت نہیں چلیں گے، یہ معاشرہ نہیں کہلا سکتا۔ ہم نے پوری کوشش کرنی ہے کہ ملک کے انتخابات کے نتائج Form 45 پر restore کیے جائیں۔

Election tribunals میں کیسز کو accelerate کیا جائے اور top level پر ان کی تحقیقات کی جائیں۔ جو لوگوں کا actual mandate ہے، وہ انہیں مل جائے۔ یہ اس ضمن میں پہلا step ہوگا۔ آپ ، ہم اور میرے treasury کے دوست سب یہ چاہتے ہیں کہ ملک امن کا گہوارہ ہو اور ترقی کرے۔ یہاں کے لوگوں کا مستقبل روشن ہو۔ ہماری آبادی کا 60-65 فیصد young generation پر مشتمل ہے اور وہ ایک بڑے stakeholder ہیں۔ جب انہوں نے election results کو manipulate ہوتے دیکھا تو انہیں یہی لگا کہ democratic طریقے سے چیزیں نہیں ملتی ہیں اور آپ کا ووٹ count نہیں ہوتا۔

جناب ! انہیں ناامیدی نہ دیں۔ ہمارا وقت گزر چکا ہے۔ اب یہ وقت young generation کا ہے اور مستقبل بھی انہی کا ہے۔ جس طرح مہنگائی کی وجہ سے ملک میں غریب آدمی کی زندگی جہنم بن گئی ہے، اسی طرح ہم اس معاشرہ کو ایک عام معاشرہ نہیں کہہ سکتے کیونکہ اب اس میں جرائم بھی بڑھیں گے اور دہشت گردی بھی بڑھ رہی ہے۔ یہ پاکستان کے مسائل ہیں جنہیں ہمیں مل بیٹھ کر حل کرنا ہوگا۔ ہم یہ نہیں کہہ رہے کہ ہم اکیلے ان کو حل کریں گے۔ ہم کہتے ہیں کہ ہمارا فارمولا یہی ہے کہ آئین اور قانون کی عملداری ہو۔ جب ان کی عملداری ہو گی تو سب ٹھیک ہو جائے گا۔ جب قانون کی بالادستی ہو گی تو کسی کو کوئی شکوہ نہیں ہوگا اور کسی کو کوئی تکلیف نہیں ہو گی، عدالتیں بھی انصاف دیتی رہیں گی اور institutions بھی strengthen ہوں گے، شکریہ۔

جناب چیئرمین: I want to pay compliments to the Opposition کہ میں نے زندگی میں پہلی دفعہ آپ کا ایک، ایک لفظ سنا ہے۔ اس سے مجھے خوشی ہوئی ہے اور ان کی جماعت کے back benchers کو یہ اعتراض نہیں ہونا چاہیے کہ ان کے Leader of the Opposition کو due respect نہیں دی گئی ہے۔ جی قائد ایوان۔

**<u>Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House)</u>**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان) : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علیٰ رسول الکریم۔

شکریہ، جناب چیئرمین ! میں سب سے پہلے سینیٹر سید شبلی فراز کو بحیثیت Leader of the Opposition اور دیگر پارلیمانی لیڈران کو ان کی نامزدگیوں پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ میں کوشش کروں گا کہ جو نکات Leader of the Opposition نے

اٹھائے ہیں، ان کا briefly جواب دوں۔ انہوں نے بڑی اچھی باتیں کیں اور بڑے اچھے اشعار پڑھے۔ کاش یہ اچھی باتیں اور اشعار یہ تین سال پہلے کرتے تو آج پاکستان یہ دن نہ دیکھتا۔ ہم ضرور way forward چلیں گے لیکن اپوزیشن مجھے سنے تو سہی۔ Leader of the Opposition should manage the opposition benches if they want a reciprocity from the Treasury benches. یہ میری گزارش ہے۔ ہم نے بڑے تحمل سے ایک، ایک بات سنی ہے۔ میں ان کی اس سوچ کو welcome کرتا ہوں کہ ہم نے ایوان کے تقدس کو برقرار رکھنا ہے۔یہ کیسے ہوگا؟ Rowdyism سے ہوگا، ہم ایک rogue attitude اختیار کریں، اس سے ہوگا،ہم interruptions کریں، اس سے ہوگا؟ ہم نے مل کر اس ایوان کے تقدس کو برقرار رکھنا ہے۔ بالکل،I endorse his part لیکن جو حقائق ہیں، چونکہ معزز قائد حزب اختلاف کے سارےremarks on record ہیں،اس طرف سےان کا جواب دینامیرا فرض ہے۔ انہوں نے فنڈز کی بات کی کہ فنڈز نہیں دیے گئے۔ میں آج بھی honourable Leader of the Opposition کو کہوں گا کہ وہ Fiscal Year Budget 2023 کو ذرا دیکھ لیں۔ اس میں انتخابات کے لیےجو allocation تھی، ایک ایک پیسا without any delay release کیا گیا۔ اب اگر وہاں فنڈز نہیں ہیں، چونکہ میں اس وقت وزیر خزانہ تھا، ظاہر ہے کہ میں نے کسی اور جگہ سے کوئی donation لاکر وہ پیسے پورے نہیں کرنے تھے۔ میں نے اپنافرض ادا کیا۔ ان ایوانوں نے یعنی قومی اسمبلی اور سینیٹ نےFinance Bill pass کیا تھا۔ میں نےfiscal disciplineکے اندر رہ کر ایک ایک پیسا release کیا۔

انہوں نےdelay کی بات کی، ہماری پی ڈی ایم کی حکومت نے اپنی مدت 9اگست کو مکمل کردی،2018-2023 کا جو tenure تھا،اس سے غالباً دو دن پہلےانہوں نے assembly dissolve کرنے کیsummary بھیج دی اور جناب صدر علوی صاحب نےاسےendorse کردیا۔ اس کے بعد کیاہوا، again there were aspersions cast on the caretaker Government, I am not holding any brief on behalf of the caretaker Government. Our honourable colleague, who was caretaker Prime Minister, Senator

میرا خیال Anwaar Ul Haq Kakar sahib. He is sitting here. ہے کہ he did his duty. What could he do, otherwise. کیامردم شماری کے ہوتے ہوئے، could the elections be expedited? 2023-24 کے بجٹ میں جو دوبارہ معزز ایوان میں پیش کیاگیااور جون 2023 میں پیش کیاگیا، قومی اسمبلی نے pass کیا۔ اس میں جو balance requirement تھی،اسے رکھاگیا۔ بغیر کسی ایک دن کی تاخیر کے after the budget was passed and the Fiscal Year started and the budget became operative. وہ سارے کا سارا amount 44-45 billion, جو required تھا،وہ release کر دیا گیا۔ اس کے بعد نگران حکومت آجاتی ہے۔ I think they performed their duty. الیکشن کمیشن کا یہ بنیادی کام ہےاور یہ ان کی آئینی ذمہ داری ہے۔ نگران حکومت نے ان کو پوری طرح facilitate کیا، I am sure کہ انہوں نے کیاہوگا، as I said I am not holding any brief on behalf of the caretaker Government but let's be fair to the caretaker Government and their conduct in discharge of responsibilities in national interest. I think I must say کہ انہوں نے اپنی ذمہ داری ٹھیک نبھائی۔ مردم شماری، یہ معاملہ سپریم کورٹ تک بھی گیا، آپ کو یاد ہوگا۔انتخابات کے لیےجو date ہونی چاہیے تھی، مردم شماری کے باوجود وہ ہوا۔ یہ clarification دینے کا مقصد یہ ہے کہ اس وقت Treasury Benches پر جو لوگ بیٹھے ہیں اور اس وقت اپوزیشن میں جنہوں نے 9اگست کو خداحافظ کہا، کچھ سینیٹرز نے 11 مارچ کو اپنا tenure پوراکیا۔ یہ ان کی تو ذمہ داری نہیں تھی، یہ تو آئینی طور پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ذمہ داری تھی۔ اور پھر یہ نگران حکومت کی ذمہ داری تھی۔ ان کے لیے جتنے required funds تھے،وہ بجٹ میں دونوں ایوانوں نے جون 2023 میں pass کیےاور release کیے گئے،9 اگست 2023 سے پہلے۔ میں صرف یہ clarify کرناچاہتاہوں کہ اب بات آتی ہے کہ KP سے سینیٹرز نہیں آئے، ہمیں دکھ ہے کہ ان کو یہاں ہوناچاہیے۔ Let's analyse کہ وجہ کیاہے۔ کیاالیکشن کمیشن اور عدالت نے یہ نہیں کہاکہ جو elected ہیں، ان کے oath لے کرآپ process کریں۔ I don't want to be a

party nor we say the Treasury Benches, this is between Speaker, KP Assembly, الیکشن کمیشن آف پاکستان اور عدالت، حکومت کا اس میں کیا role ہے۔ مجھے کوئی formula میرے معزز بھائی اپوزیشن لیڈر بتادیں، I will be happy to take it to the Government. If he can do any intervention, we cannot. وہاں آپ کی حکومت ہے، آپ کا سپیکر ہے۔ آپ ان کو کہیں کہ جو process ہے، اسے مکمل کریں تاکہ ہمارے وہ ساتھی آئیں۔ I endorse کہ جتنی جلدی ہوسکے ان لوگوں کو آنا چاہیے۔ On a separate note, I would suggest کیونکہ جناب! آپ کی سربراہی میں ابھی جو House Business Advisory Committee کی میٹنگ ہوئی، معزز اپوزیشن لیڈر اور تمام پارلیمانی لیڈرز موجود تھے۔ اس میں Committees کی بات ہوئی تاکہ بات طے کی جائے، اگر Business rules میں دو مہینے کا وقت ہے، اسے جلدی کیا جائے تاکہ کام ہو سکے۔.we mean business میں یہ تجویز دوں گا کہ 11 Members کی proportionate number of Committees کو withhold کیا جائے۔ ہم نے نیچے یہ طے کیا کہ کمیٹیاں بانٹ دی جائیں۔ I would suggest, It just came to my mind کہ 11 Members نے ابھی آنا ہے۔ Then we should make proportionate number of reserved Committees. When they come so they have their own share in the Committees. یہ میری گزارش ہے۔

قائد حزب اختلاف نے انتخابی نشان کی بات کی۔ It is coincident, he was not part of the Election Reforms Committee. I chaired it. The Elections Act, 2017, اس خادم کی چیئرمینی میں دونوں ایوانوں کے نمائندگان نے کیا۔ the idea was کہ ہمارے 9 قوانین ہیں، ان کے تحت ملک میں انتخابات ہوتے ہیں۔ consolidate the law, I must compliment every خدا کا خوف کرو، Member of that Committee. اگر ایک ممبر پارٹی تھی، اس کو بھی اس کمیٹی میں نمائندگی دی گئی۔ ہم نے بڑا سیر حاصل کام کیا۔ اس کمیٹی نے اس ملک کی خدمت کی، The Elections Act, 2017 دیا۔ Now may I remind my honourable

کون Section 215 کہ colleague and Leader of the Opposition لایا تھا۔ Please reflect. پی ٹی آئی کے ہمارے ساتھیوں نے یہ section propose کیا۔ میں اس کمیٹی کو head کر رہا تھا۔ یہ section موروثی سیاست کے خلاف تھا کہ اگر موروثی سیاست کو ختم کرنا ہے پارٹی میں intra party elections ہونے پڑیں گے۔ میں نے کہا کہ بسم اللہ، آئیں جی۔ اکثریت نے اس کو endorse کیا کہ بہت اچھی تجویز ہے۔ اپنا ہی کیا ہوا، اب ہم کیا کریں۔ اپنا ہی introduce کیا ہوا، آپ کی بہترین contribution in The Elections Act, 2017 by the inclusion of Section 215, جس کے تحت اگر آپ intra party election نہ کروائیں گے تو کیا ہم ذمہ دار ہیں؟ پھر تو پارٹی نشان نہیں ملے گا، Section 215 آپ نے لکھوایا۔ قائد حزب اختلاف کی memory ماشاء اللہ بہت اچھی ہے لیکن اگر آپ قانون پر عمل نہیں کریں گے تو پھر آپ Treasury Benches سے گلہ کریں گے اور کسی اور پر تو میرا خیال ہے کہ جائز نہیں ہے، آپ کا اپنا قصور تھا کہ you lost the symbol because it was too arrogant approach. آپ نے law کو flout کیا۔ I don’t want to say more, یہ ان کا اپنا اندرونی معاملہ ہے but I think the Election Commissioner discharged his duty as per the law. He acted upon under Section 215 and did not give the party symbol. اس پر ہمیں blame نہ کریں۔ ہماری بدقسمتی یہ ہے، ابھی انہوں نے بات کی کہ کیسے یہ suffer کر رہے ہیں۔ کاش کہ یہ دو تین سال پہلے سوچتے۔ اس وقت کی اپوزیشن جو آج حکومت میں ہے، کیا ان کو عمر قید کی سزائیں نہیں ہوئیں؟ کیا ان کو جیلوں میں نہیں رکھا گیا؟ کیا ان کی بچیاں تک عدالتوں میں، جگہ جگہ اور نیب میں نہیں ڈرایا گیا؟ ڈی جی، ایف آئی اے نے کہا تھا کہ مجھے صبح بلا کر کہا جاتا ہے کہ آج اس کو، اس کو اور اس کو بلانا ہے۔ میں نے تو نہیں کہا۔ He was a civil servant, who enjoys a very good reputation in this country. میں بشیر میمن صاحب کی بات کر رہا ہوں۔ ہم نے تو نہیں کہا۔ He made a positive statement. He stood by that statement. آج بھی اس پر کھڑے ہیں۔ بات یہ ہے کہ کہتے ہیں کہ what goes around, comes around. ہمیں دیکھنا چاہیے کہ اللہ کی ذات ہے۔

ایک دن یہ معاملہ گردش کرتا ہے، یہ جو دن ہیں، یہ گردش ایام ہوتے ہیں۔ ایک دن یہ واپس آتے ہیں۔ I have sympathy. اگر ہم سب اس عقیدے، سوچ کو solidly follow کریں کہ ہم نے کوئی unfair بات نہیں کرنی، ہم نے کسی قسم کی زیادتی نہیں کرنی، ہم نے کوئی personal victimization نہیں کرنی، ہم نے کوئی political victimization نہیں کرنی۔ مجھے امید ہے کہ معزز قائد حزب اختلاف کو یاد ہوگا کہ کیا معصوم لوگوں کو جیلوں میں نہیں ڈالا گیا؟ کیا کرایہ داری کے کیس میں اس معزز سینیٹر کو ہتھکڑیاں نہیں لگائی گئیں؟ خدا کے لیے! اس وقت سوچنا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات بے نیاز ہے۔ ایک دن آپ اس بھنور میں آئیں گے اور آپ پھنسیں گے۔ وہی ہوا ہے۔ I have been known as you know follower of reconciliatory science. میں almost over 32 years سے ان ایوانوں میں ہوں۔ میں نے دو tenure قومی اسمبلی میں گزارے ہیں۔ میرا پانچواں tenure ہے۔ میں تو ہمیشہ صلح صفائی کے لیے مشہور تھا۔ 126 دن کا دھرنا کس نے اٹھوایا تھا؟ میں نے پی ٹی آئی کے ساتھ negotiations کی تھی، میری ٹیم نے کی تھی۔ ان میں سے کچھ اراکین یہاں موجود ہیں۔ کس لیے؟ اس ملک کے لیے۔ جب یہ بات ہوگی، اس طرح کے معزز اراکین کے ساتھ یہ ہوگا تو پھر آپ توقع کریں کہ جب مشکل وقت آئے گا تو ہمیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ I am not for political victimization at all. میں سمجھتا ہوں جو بڑی غلطی کی ہے، let's reflect. میں ان کو بھی درخواست کروں گا کہ reflect کریں۔ 9 مئی کے حوالے سے ان سے جو سب سے بڑا blunder ہوا ہے, you know you don't go to the point, where you challenge the state itself and put it in the danger آپ نے GHQ پر حملہ کروایا، آپ نے Corps Commander Jinnah House پر حملہ کروایا، آپ نے تنصیبات پر حملہ کروایا آپ کو نہیں کرنا چاہیے تھا۔ میں تو نہیں کہہ رہا، یہ آپ عدالت میں ثابت کریں کہ آپ نے نہیں کروایا تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسے دیکھیں it was an extreme step اور یہ نہیں ہونا چاہیے تھا I feel sympathy کہ یہ نہیں ہونا چاہیے تھا should not have gone do that extent it in the politics, کہ اب آپ کہیں کہ میں ہوں تو ملک ہے۔ ہم سب اس ملک کے باشندے ہیں

اور میں نے جیسے کہا I greatly admire his thoughts کہ ہمیں مل کر اس ملک کو اس بھنور سے نکالنا ہے کیونکہ یہ ملک، جیسے انہوں نے کہا کہ جی دیکھیں یہ تو نہیں ہو سکتا کہ اٹک سے اس پار election ہوں تو ٹھیک ہیں اور اٹک سے اس پار ہوں تو ٹھیک نہیں ہیں، سندھ میں ٹھیک ہو رہے تھے بلوچستان میں نہیں یہ تو نہیں ہو سکتا۔ Election Commission of Pakistan صرف ایک ہی ہے، care taker government headed by our colleague Senator Anwar-ul-Haq Kakar وہ ایک ہی ہے تو اب اس میں مجھے یہ بتائیں کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ part of the country میں الیکشن ٹھیک ہے اور جہاں آپ کو suit نہیں کر رہا وہاں الیکشن ٹھیک نہیں ہے۔ میرا خیال ہے let's come out of it الیکشن ہوگئے، جو آپ کو ایک constitutional اور ایک legal mechanism available ہے۔ جس کو نہیں suit کرتا knock the ECP, knock the Tribunal, knock the law and apex courts, you know it is your right nobody can deny this thing.

میرے بھائی نے energy کی، privatization کی، public debt کی، sovereignty compromise کی بات کی بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں but please don't forget the historic figures. 2013 میں یہ ملک macro-economic unstable country declare ہو چکا تھا before the election. Please check your library یہ ملک declare کر دیا گیا تھا کہ چھ سے سات مہینے میں default کرے گا، اس ملک کے لیے declare کر دیا گیا تھا کہ اس کو بارہ سے پندرہ سال لگیں گے to get out of this quagmire. What happened? 2013 میں حکومت ہمیں مل گئی ہم الیکشن جیت گئے۔ In three years, first time IMF programme was completed, 21st programme بیس programmes پاکستان کبھی پورا نہیں کر سکا تھا all reforms were implemented, 2% food inflation, 4% CPI, 6% GDP growth, best stock market of South Asia, 5th stock market of the world, what else you want. The music to the

جب ایسی performance ہوتی ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک western ears کو نظر لگ گئی اور جو political instability create کی گئی that was 24th global economy, ہم کہاں پہنچے تھے، unfortunate for Pakistan. this was a net result of 2016-17 fiscal year of Pakistan. یہ میں What was projected by the Pricewaterhouse Cooper نہیں کہہ رہا it's a global organization اس نے کیا کہا تھا کہ Pakistan will join G20 after few years. I would have complimented the اگر ہمیں کرنا ہے new regime if they had made 24th to even 21st. تو مل کر کام کرنا ہے اور یہ ہو سکتا ہے I have a faith, I have a belief in this تین سال میں یہ نکل کر country. This country has a great resilience وہاں سے آ گیا جہاں یہ کہتے تھے کہ یہ macro-economic stability ڈوبی ہوئی ہے۔ یہ اس ملک کو بارہ سے پندرہ سال لگیں گے اس quagmire سے نکلنے کے لیے it came out of it in three years, that is not any one's performance, پاکستان کے تمام stake holders ۔but it's a collective performance. نے اس میں مدد کی، اس میں محنت کی، اس میں پارلیمنٹ کا ایک بڑا role ہے اور ہم نے دیکھا کہ پاکستان کدھر پہنچ گیا۔

میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس سے سبق سیکھنا چاہیے۔ ماضی will not come back لیکن جو چیزیں انہوں نے کہی ہیں وہ ہمیں بڑے غور سے سوچنا چاہیے energy ہو، privatization ہو please آئیں مل کر ان committees میں کام کریں، آئیں مل کر اس ایوان کا جو تقدس ہے جیسا آپ نے کہا اس کو برقرار رکھیں۔ I will be all out to assist the Leader of the Opposition to bring back the sanctity of this House. ہم نے اس ایوان کو مچھلی منڈی بنا دیا ہے۔ تو جہاں کوئی according to the rules of business کوئی unfair play ہو گا I will be the first one to join the Leader of the Opposition and defend that, ہم آپ کے پاس آئیں گے لیکن having said that ہمیں پھر

اپنی تھوڑی soul searching کرنی ہو گی، ہم سب کو اپنے آپ کو یہ کرنا ہو گا کہ no politics, we have to behave a political in this House and as colleagues ہم اس ملک کے جو مسائل ہیں اس کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ I am sure جیسا کہ میں نے عرض کیا we have a great future اگر ہم حقائق کو مسخ کرنے پر آئیں گے اگر ایک ہم دوسرے پر blame game کرنے پر آئیں گے then it will never end, another six year will pass and will be back to square one. خدا کے لیے let's work together, let's get Pakistan now out of the quagmire. میں number نہیں گنوانا چاہتا۔ It's on my fingertips, I am sure he would be knowing it. میں آپ کو گنوا سکتا ہوں کہ why Pakistan has reached there. The net result of the 24 economy, from 2018 to 2022 we landed in 47th economy. I am not blaming any body, I am blaming the entire setup کہ پاکستان کی چوبیسویں دنیا کی معیشت کو ہم نے سینتالیسویں معیشت بنا کے تباہ کر دیا but let's get it back not only to 24th join G-20۔ آپ ایک ایٹمی قوت ہیں، آپ ایک میزائلی قوت ہیں، you should be economically powerful and afloat وہ ہماری position نہیں ہے یہ صحیح کہتے ہیں کہ جی ایک ایک کر کے وہ بھیک مانگتے ہیں foreign سے یہ صحیح کہہ رہے ہیں لیکن when did this start ہم نے تو China کے جو 2008-2013 میں China was the only bilateral sovereign loan of 500 million اور وہ دو loan تھے۔ ہم نے اپنے tenure میں پہلا loan 2016 میں واپس کر دیا، the second one was due in June 2017 we wanted to return it, but what happened after that four billion plus China's safe deposit, five million سعودیہ سے لے چکے ہیں، three billion ہم UAE سے لے چکے ہیں، خدا کے لیے بند کریں۔ میں نے تو Prime Minister کو strongly request کی ہے and he is very kind to endorse it. This government would not go to beg money from the

you ختم ہو جاتی ہے dignity آپ کی other countries and bilateral. would not be able to act independently تو میں سمجھتا ہوں آئیں مل کر اس ملک کو نکالیں اس بھنور سے اور ان شاءاللہ یہ ملک اس بھنور سے نکلے گا۔ Basically I am a optimist جب وہ کہتے ہیں کہ 130 billion کا قرضہ look at the assets Allah has given to this country. The estimated assets in the Balochistan, the mines & minerals is six thousand billions, آپ کے granite assets in Sindh are four thousand billions, آپ کے stones in the north, آپ کا sea blue economy آپ اس کو کریں گے تو ten thousand billion minimum بنتے ہیں تو 130 billion کے loans کدھر ہیں۔ The only problem is ہم خود ماتم کرنے کے بہت عادی ہیں۔ ہمارے اپنے لوگ اس کو drum beat کرتے ہیں ہم مارے گئے ہم لوٹے گئے۔ اوہ بھائی کون سا آسمانی صحیفہ ہے 60% debt to GDP ہمارا اپنا بنایا ہوا قانون ہے ان دونوں ایوانوں کا تو کدھر ہے, America 109% debt to GDP کدھر ہے, UK after Covid 100% debt to GDP کدھر ہے Japan 257% debt to GDP. Let's be realistic ہم اپنے آپ کو کہیں گے اور ماتم کریں گے تو ہم کہیں نہیں پہنچیں گے۔ ہمیں confidence کے ساتھ اس ملک کو اس بھنور سے نکالنا ہے۔ I think ان شاءاللہ and it's doable, believe me it's doable and together we will work and we will get Pakistan out of this بھنور and ان شاءاللہ

the future generation will have a shining future but it all depends on how we act, whether we act responsibly or whether we act again as past history, I think let's move forward and let's try and join hands together to get Pakistan out of quagmire. Thank you Mr. Chairman. Thank you so much.

جناب چیئرمین صاحب: لاء منسٹر صاحب کیونکہ منسٹر صاحب کو جانا ہے ، ایک منٹ۔Please address the chair

**Senator Anwar-ul-Haq Kakar**

سینیٹر انوار الحق کاکڑ: جناب چیئرمین ! سب سے پہلے تو آپ کو مبارک ہو اور مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ یہ چیئر social acceptability سے morph کر کے political acceptability کی طرف جا رہی ہے and this is now occupied by a political activist and you deserve and this House deserves congratulation on electing an individual like yourself. Honourable Leader of the Opposition نے کچھ نقاط یہاں پر اٹھائے جس کا Leader of the House نے جواب دیا، اس میں صرف ایک نقطہ caretaker کی stint کے حوالے سے تھا جو میں سمجھتا ہوں record کی درستی کے لیے اس کو سامنے آنا چاہیے۔ جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ constitution 90 days کی stipulation دیتا ہے کہ جب بھی کوئی House dissolve ہوتا ہے، Assembly dissolve ہوتی ہے تو within 90 days ان کے الیکشن کو conduct ہو کے اس House کی birth ہو جانی چاہیے۔ جو ساتھ میں constitution نے دوسرے لوازمات اس کے دیے ہوئے ہیں اس body politic کے جس کی essence constitution ہے جس نے اس body politic کو چلانا ہے، اس میں محض الیکشن ایک شرط ہے اس کے علاوہ بھی کئی شرائط ہیں اور وہ بھی آئینی شرائط ہیں they are also constitutional demands for instance, ہر دس سال پر census conduct کروانا۔ جس طرح الیکشن 90 days کے اندر آئینی فریضہ ہے ایسے ہی دس سالوں کے اندر census کروانا بھی فریضہ ہے اور جب وہ فریضہ پورا نہیں ہوتا کیونکہ اس کے نتیجے میں آپ کی delimitation ہوتی ہیں اور وہ delimitation اگر آپ نہیں کرتے ہیں تو گمان یہ ہے کہ ایک section of society کو disenfranchise کر دیں گے جیسے انہوں نے disenfranchisement کی بات کی۔ اس delimitation کی

جو requirement fulfill نہیں ہوئی تھی یہ situation Honourable Apex
Supreme Court of Pakistanکے سامنے گئی جس میں ہمارے Honourable
Colleague Mr. Ali Zafar بھی غالباً اس کو assist کر رہے تھے یا اس caseمیں
پارٹی تھے اور تمام stakeholdersکی deliberationsکے بعد یہ concludeکیا گیا
جس میں شاید Article-254 کو بھی پڑھا گیا کہ اگر کہیں پر کوئی چیز بوجوہ delayہو جائے یا
کسی کام میں تاخیر ہو جائے تو محض تاخیر کی وجہ سے وہ غیر آئینی اور غیر قانونی نہیں ہوتا اور ان
deliberations جس پر the then President of Pakistan اور باقی
stakeholders ایک consensus date of 8th of February پر
پہنچے، there was no deep desire on the part of the Caretaker
Government to extend the election. یہ ہماری خواہش نہیں تھی،
یہ ہماری وہ مجبوری تھی، پاکستان کے جو تمام ادارے تھے led by the Supreme Court
of Pakistan جنہوں نے یہ date finalize کروائی اور ہم اس سے ایک گھنٹہ بھی آگے
نہیں گئے۔ مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ یہاں پر ایک political discourse generate
ہو گیا ہے جو core national issuesہیں اس کا response Leader of the
House and Leader of the Oppositionنے بھی دیا ہے۔

جناب چیئرمین: اور Caretakerنے بھی کیا ہے۔

سینیٹر انوارالحق: جی بالکل۔ میں امید کرتا ہوں باقی جو ایوان کے ممبران ہیں وہ بھی اس پر اپنی participationدیں گے اور ہم ایک healthy discourse کی طرف جائیں گے، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: آج میڈیا بھی خوش ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ.minister has to leave میں already floorدے چکا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک سیکنڈ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: کس نے گالی دی ہے؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اگر کسی نے دی ہے تو میں expunge کر دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: وزیر صاحب نے جانا ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون وانصاف): جناب چیئرمین! آپ نے Order No. 9 کے بارے میں کہا تھا، میں request کروں گا Order No. 9 and 10 کو defer کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین: اسے defer کر دیتے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں آج اسے پیش نہیں کرتا، اس میں ابھی کچھ چیزیں دیکھنے والی ہیں۔

جناب چیئرمین: Order No.10 بھی defer کرنا ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی جناب چیئرمین! Order No.09 and 10 ایک ہی بل تھا جو report back ہوا۔

Mr. Chairman: Order No.11 stands in the name of Mr. Attaullah Tarar, Minister for Information and Broadcasting. On his behalf Senator Azam Nazeer, Tarar, Minister for Law and Justice may move the Order please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! پہلے میں اس کی وضاحت کردوں۔ یہ وہ Ordinances ہیں جب اسمبلی functional نہیں تھی تو Ordinances کے ذریعے day to day کام کیا گیا۔ ان میں سے زیادہ تر Ordinances بے ضرر تھے۔ جو SOEs, State Owned Enterprises Act 2023 بنایا تھا، اس میں یہ requirement تھی کہ Boards کو زیادہ بہتر اور independent کرنے کے لیے اس

کے private members and independent Directors وہ لازمی State Owned میں ہوں گے یہ نہیں کہ سارے ہی سرکاری افسران ہوں گے اور اس کے لیے corresponding amendment کے لیے کہا گیا تھا۔ محکموں نے اپنے اپنے Boards میں corresponding amendments کیں اور یہ Ordinances National Assembly میں lay ہو چکے ہیں، lay ہونے کے بعد these Ordinances have already been referred to the concerned Standing Committees by converting those Bills. اب جب تک یہ نیشنل اسمبلی سے Bill کی صورت میں پاس ہو کر نہیں آئیں گے، ہماری ذمہ داری Article-89 Clause (2) کے تحت اس ایوان کو صرف inform کرنے کی ہے۔ یہ ایک آئینی requirement ہے جو صرف for information اس ایوان میں رکھے جا رہے ہیں یہ نہ تو پاس کرنے کے لیے ہیں اور نہ یہ amendment کے لیے ہیں اور نہ ہی Committees کو refer کرنے کے لیے ہے یہ صرف for information of this House ہے۔ آپ کی اجازت چاہیے۔

Mr. Chairman: Yes please.

**Laying of the Pakistan Broadcasting Corporation (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.II of 2023)**

Senator Azam Nazeer Tarar: I on behalf of Minister for Information and Broadcasting, lay before the Senate, the Pakistan Broadcasting Corporation (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.II of 2023), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. It is for the information of the House that this Ordinance was first laid in the National Assembly on 15th March 2024 and has already been treated there as a Bill in terms of Para-B

Clause-III of Article 89 of the Constitution. Now, it has been laid in the Senate for information as required by Clause-II of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. Order No. 12 stands in the name of Mr. Qaiser Ahmed Sheikh, Minister for Maritime Affairs, please move the Order.

**Laying of The Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.III of 2023)**

Mr. Qaiser Ahmed Shaikh (Minister for Maritime Affairs): I lay before the Senate, the Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.III of 2023), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Order No.13 stands in the name of Abdul Aleem Khan, Minister for Communications. On his behalf Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice may move the Order please.

**Laying of the Pakistan Postal Services Management Board (Amendment) Ordinance, 2023(Ordinance No.IV of 2023)**

Senator Azam Nazeer Tarar: Mr. Chairman! On behalf of Minister for Communications, I wish to lay before the Senate the Pakistan Postal Services Management Board (Amendment) Ordinance, 2023(Ordinance No.IV of 2023), as required by clause (2)

of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Order No.14 stands in the name of Abdul Aleem Khan, Minister for Communications. On his behalf Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice may move the Order please.

**Laying of the National Highway Authority (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.V of 2023)**

Senator Azam Nazeer Tarar: Mr. Chairman! On behalf of Minister for Communications, I wish to lay before the Senate the National Highway Authority (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.V of 2023), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Order No.15 stands in the name of Sardar Awais Ahmed Khan Leghari, Minister for Power. On his behalf Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice may move the Order please.

**Laying of the Criminal Laws (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No. VI of 2023)**

Senator Azam Nazeer Tarar: Mr. Chairman! On behalf of Minister for Power, I wish to lay before the Senate the Criminal Laws (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No. VI of 2023), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Order No. 16 stands in the name of Mr. Abdul Aleem Khan, Minister for Privatization. On his behalf Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice may move the Order please.

**Laying of the Privatization Commission (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.VII of 2023)**

Senator Azam Nazeer Tarar: Mr. Chairman! On behalf of Minister for Privatization, I wish to lay before the Senate the Privatization Commission (Amendment) Ordinance, 2023 (Ordinance No.VII of 2023) as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Order No. 17 stands in the name of Ms. Shaza Fatima Khawaja, Minister of State for Information Technology and Telecommunication. On her behalf Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice may move the Order please.

**Laying of the Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Ordinance, 2023 (Ordinance No. VIII of 2023)**

Senator Azam Nazeer Tarar: On behalf of Minister of State for Information Technology and Telecommunication, I wish to lay before the Senate the Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Ordinance, 2023 (Ordinance No. VIII of 2023), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: Ordinance stands laid. Senator Muhammad Fesal Vawda Sahib, you want to say something?

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ان کا یہ پہلا دن ہے اور اس نے request کی ہے۔

**Maiden Speech by Senator M. Fesal Vawda**

سینیٹر محمد فیصل واوڈا: شکریہ جناب چیئرمین! اگر میری colleague پہلے بات کرنا چاہ رہی ہیں

I don't have any problem, I will still show the grace regardless as she is trying to pick me indirectly, she can speak, I have no problem.

جناب چیئرمین: نہیں آپ بات کریں۔

سینیٹر محمد فیصل واوڈا: بہت شکریہ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں آپ کو مبارک باد دیتا ہوں کہ آپ کو یہ منصب اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور جس graceful طریقے سے آپ نے phone کیا، اللہ تعالیٰ کو یہ پسند ہے۔ میں آپ کو دل سے بہت مبارک باد دیتا ہوں، اس کے بعد میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرکے میں اپنی مرحومہ والدہ اور اپنے والد کا شکریہ ادا کرتا ہوں ان کی دعاؤں سے MQM and Pakistan People's Party نے مجھے independent support کیا، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ Regardless میرا ان کی طرف criticism بھی رہا، کبھی صحیح تھا اور کبھی غلط بھی تھا۔ میں PTI کا بھی شکر گزار ہوں جب ان کو کراچی میں پتا چلا کہ میں contest کر رہا ہوں اس پر انہوں نے boycott announce کیا، انہوں نے کیا نہیں مگر announce کر دیا، میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے support کیا لیکن ان کا بہت زیادہ شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے روکنے کے لیے ٹل کا زور لگایا لیکن اللہ تعالیٰ کی مرضی نہیں تھی، اللہ تعالیٰ کی مرضی تھی کہ میں elect ہو جاؤں تو میں ہو گیا۔ جناب والا! میں آپ کی اجازت سے دو تین چیزیں کہوں گا کیوں کہ آج سینیٹ کا پہلا اجلاس ہے۔ میں ان کو جلدی سے phrase-up کر دوں۔ ایک تو یہ چیئرمین

صاحب کہ میں تحریکِ انصاف کا حصہ کافی سالوں تک رہا اور مجھے چیئرمین صاحب نے سیاست میں بہت کچھ سکھایا، کاش وہ میری بات سن لیتے، جس وقت میں صحیح بات کہنے پر پارٹی سے نکالا گیا اس وقت پارٹی ستاروں سے بات کر رہی تھی اور چیئرمین صاحب چاند سے باتیں کر رہے تھے لیکن میں ٹھیک بات کرنے پر نکالا گیا اور اس کے بعد میں نے ethically جو مجھ سے کوئی seat واپس نہیں لے سکتا تھا، میں نے وہ seat بھی تحریکِ انصاف کو واپس کی۔ میں ان لوگوں کی طرح نہیں تھا جنہوں نے بانی چیئرمین تحریکِ انصاف کے خلاف press conferences کیں اور 9th May کے واقعوں کی مذمت کر کے اپنی جان چھڑائی اور پھر بھی کرسیوں پر بیٹھے رہے اور benefits لیتے رہے، میں ان میں سے نہیں تھا اور آج کے دن بھی نہیں۔ میں اسی principle پر کھڑا ہوں کہ اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے موقع دیا ہے تو میں independently وہی سب کروں۔ شبلی فراز صاحب، جو میرے colleague ہیں، اور یہاں دوسرے بہت سے ایسے لوگ ہیں جن کے ساتھ ہم struggle کرتے ہوئے بڑے ہوئے ہیں۔ شبلی فراز صاحب اپنی جگہ پر کھڑے رہے جس پر ان کی بہت قدر کرتے ہیں اور وہ آج ایک well-deserved position پر موجود ہیں۔ ان کو دیکھ کر مجھے آج خوشی محسوس ہوتی ہے کہ at least وہ ان beneficiary میں سے نہیں ہیں کہ جو press conferences کر کے وکٹ کے دونوں طرف کھیلتے رہے اور شاید آج کے دن وکٹ کے چاروں طرف strokes کھیل رہے ہیں۔

اسی طریقے سے جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمیں اب سینیٹ کے rules of the business set کرنے پڑیں گے۔ یہاں بہت تماشا لگایا جا چکا ہے، یہ upper House کا legislation ہے اور جب آپ کے ساتھ پٹی بند بھائی اور gown پہننے والے کھڑے ہوتے ہیں تو اب سینیٹ کے پٹی بند بھائی بھی ساتھ ہی کھڑے ہوں گے۔ ہم اب اپنے سیاسی مخالف کا بھی دفاع کریں گے اور وہ سب کچھ نہیں ہونے دیں گے جو آج تک اس ایوان میں ہوتا رہا ہے۔

چیئرمین صاحب! انہوں نے production order کی demand کی ہے، اس میں میری بھی یہ گزارش ہو گی کہ ضرور دیں۔ وہ سینیٹ کے ممبر ہیں، ان کو بلا لیں۔ اس میں کوئی problem نہیں ہو گی۔ لیکن چیئرمین صاحب! اب یہ چیز نہیں ہو گی کہ ایسے تمام فیصلے جو سینیٹ یا

قومی اسمبلی سے pass ہوتے ہیں، law کے تحت، اس law کو ہم بناتے ہیں، ہم ہی اس کو implement کروائیں گے، define بھی ہم کریں گے اور summarize بھی اب ہم ہی کریں گے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ کوئی صادق اور امین کے certificate اس ایوان کے باہر ہمیں دے۔ جب ہماری پگڑی اچھلے گی تو ہم بھی پگڑیوں کا football بنا دیں گے۔

یہاں میں طلال چوہدری صاحب اور ایسے بہت سے دوسرے لوگ ہیں جنہوں نے لاقانونونیت کی وجہ سے بہت suffer کیا ہے۔ ہم نے آئین اور قانون کی دھجیاں اڑتے دیکھی ہیں۔ ہمارا قصور یہ تھا کہ ہم vocal تھے۔ ہم نے، بشمول اپنے، میں نے ان لوگوں کو بھی take on کیا جن لوگوں کا آج بھی لوگ نام لیتے ہوئے کانپتے ہیں، جب وہ کرسیوں پر تھے۔

ہمارا ایک ادارہ ہے جس میں چورانوے فیصد ایمان داری اور discipline نظر آتا ہے، وہ شاید کچھ individuals کی وجہ سے پانچ یا چھ فیصد compromise ہو لیکن وہ نوے فیصد پر تو اب بھی کھڑا ہے۔ تو اگر وہ سرحدوں پر ہمارا دفاع کر رہے ہیں اور سیاچن جیسے محاذ پر کھڑے ہیں تو ہم ان کو یہاں پر کیوں humiliate کر رہے ہیں؟ یہاں پر میں نے اپنے colleagues کی باتیں سنیں، اپنے دوستوں کی دکھ بھری داستانیں بھی سنیں، والدائیں سب کی، جو حیات ہیں یا اب حیات نہیں ہیں، وہ تمام محترم ہیں بشمول والدین اور دوسرے family members سارے لیکن مجھے اس وقت بڑی تکلیف ہوئی جب میں نے اپنے colleague کی والدہ کے بارے میں سنا کہ ان کو problem ہوئی اور اس وجہ سے ہوئی کہ وہ suffering میں تھا یا hiding میں تھا۔ تو میں یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ میری والدہ بھی بستر مرگ پر تھیں جب انہی آئین اور قانون کے ٹھیکیداروں نے مجھے punish کر کے زبردستی بلایا ، میری پگڑی اچھالی گئی، مجھے fair trial کے بغیر صرف gallery کو سنانے اور impress کرنے کے لیے آٹھ v-logs کے against فیصلے سنائے گئے۔

چیئرمین صاحب ! میں ان تمام کا قانونی احتساب کروں گا جو اس وقت منصب پر بیٹھے تھے۔ ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی بھی کروں گا اور جب میں یہ قانونی چارہ جوئی کرنے جاؤں گا، میں ایک بہت ضدی آدمی ہوں، آپ بھی مجھے جانتے ہیں، میں دس روپے کے پیچھے دس ہزار خرچ کرنے والا آدمی ہوں۔ جب principles کی بات آجائے تو میں دس کے پیچھے ایک لاکھ خرچ کرنے والا آدمی

ہوں۔ تو جب میں احتساب کی بات شروع کروں گا تو یہاں بہت بڑے بڑے سیاستدان اور سیاسی کارکن موجود ہیں، میں ان کا مقابلہ تو نہیں کر سکتا لیکن اس ایوان میں اور اس ایوان کے باہر اللہ کی مہربانی ہے کہ جو لوگ زرداری صاحب ہوں یا کاکڑ صاحب ہوں یا بگٹی صاحب ہوں یا مگسی صاحب ہوں یا مینگل صاحب ہوں یا زہری صاحب ہوں یا پگاڑا صاحب ہوں یا گیلانی صاحب ہوں، یہ سب میرے گھر کے لوگ ہیں یا میرے دوست ہیں اور میں ان کے سامنے بڑا ہوا ہوں۔ تو جب ہم قانونی احتساب کا عمل شروع کریں گے تو پھر ہماری باتیں علاقہ غیر تک بھی جاتی ہیں۔ یہ سب ہمارے دوست ہیں اور ان میں ہم بڑے ہوئے ہیں۔ ہم کاروباری لوگوں کے ساتھ بھی بڑے ہوئے ہیں، ہم bankers کے ساتھ بھی بڑے ہوئے ہیں۔ اس وقت جب میں آپ سے مخاطب ہوں تو PDM کی حکومت کے دوران جب وہ ایک issue پر پھنس گئی اور فیل ہو گئی، تو ہم نے اپنی ذاتی capacity میں، پیسے بھی اپنی جیب سے دے کر پاکستان کی بقا کے لیے وہ کام کیا اور اس کا credit بھی نہیں لیا۔ لیکن چیئرمین صاحب، یہ ممکن نہیں ہے کہ اب ہماری پگڑیاں اچھالی جائیں، ہمیں شرمندہ کیا جائے، ہمارے ہی بنائے ہوئے قانون کو اپنے اوپر implement نہ کیے بغیر ہم پر implement کر دیا جائے اور sufferings ہوں۔ اب ہم تمام سینیٹرز کو ایک ساتھ کھڑا ہونا پڑے گا۔ پاکستان کے لیے، اپنے اختلافات کو دور کرنے کے لیے، اگر PTI کے کسی سینیٹر پر کوئی بات آتی ہے یا MQM کے کسی سینیٹر پر کوئی بات آتی ہے and for that matter نون لیگ کے کسی سینیٹر پر کوئی بات آتی ہے یا پیپلز پارٹی کے کسی سینیٹر پر کوئی بات آتی ہے تو ہمیں اس وقت یہ نہیں سوچنا کہ یہ تو ان کی باری ہے اور ہماری نہیں ہے۔ ہم ساتھ کھڑے ہوں گے اور جو قانون کے اندر گیم کھیلی جا رہی ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اب کیوں نہیں بول رہے ہیں۔

ہم جب ایوان بالا کے ممبر ہیں اور اس میں سے چیزیں پاس کرتے ہیں تو جب بھٹو صاحب کو پھانسی دی گئی تو کیا چھیالیس سال تک ہمیں انتظار کرنا پڑا یہ پوچھنے اور پتہ کرنے کے لیے کہ ان کو پھانسی دے دی گئی تھی۔ یہ تو ہماری پیدائش سے پہلے ہوا تھا۔ تو اس کا احتساب کیوں نہیں ہوا جس نے پھانسی چڑھائی اور اس قلم کا بے رحمی سے استعمال کیا۔ کیا ہمارے پاس جواب ہے؟ چودہ سال زرداری صاحب کو قید بامشقت میں رکھا گیا، کوئی شواہد نہیں پیش کیے گئے اور پھر ان کو چودہ سال کے بعد عدم دستیابی ثبوت پر رہا کیا گیا۔ کیا مجھے آپ بتا سکتے ہیں کہ نواز شریف صاحب کو، Black's Law

Dictionary ایجاد ہو گئ جس کے تناظر میں کس قانون کے تحت انہیں نا اہل کر دیا گیا۔ پھر عمران خان صاحب کی حکومت جو چل رہی تھی، میں اس وقت اس پارٹی کا منسٹر تھا، رات کو بارہ بجے اتوار کے دن عدل اور انصاف کے دفتر کھل جاتے ہیں۔ کیوں بھائی؟ یہ ہمارا کام ہے سیاست کرنا۔ ہم لیں گے، دیں گے، سمجھائیں گے، بجھائیں گے۔ اس کے بعد پابند کر دیا گیا کہ آپ vote of no confidence لیں۔ جناب یہ ہمارا کام تھا۔ یہ اس آئین اور ان اسمبلیوں کا کام ہے کہ ہم کیا کر رہے ہیں اور کیا نہیں کر رہے جب تک کہ ہم ملک کی بہتری کر رہے ہیں۔ پھر ان کو مجبور کر کے ہمیں ہٹا دیا گیا۔ جہاں سزا تھی وہاں جزا تھی، جہاں جزا تھی وہاں سزا چلی گئی۔ پھر popularity wave آگئی تو آپ نے twist and turn دیکھنے شروع کر دیے۔

جناب چیئرمین، میں دو منٹ اور لوں گا، اس کے بعد ہم اسی قانون کے دھکے کھاتے ہوئے چلتے رہے۔ یہ جو میں نے آپ کو فہرست بتائی ہے عمران خان صاحب سے لے کر، زرداری صاحب سے لے کر، نواز شریف صاحب سے لے کر، بھٹو صاحب تک، جب تک یہ نظام ٹھیک نہیں ہوگا تب تک نہ یہاں کوئی اسمبلی، نہ ,production order نہ کوئی لیڈر، نہ کوئی ورکر، یہ چھ کو نو اور نو کو چھ کرنا جب تک بند نہیں ہوگا، جو پاکستان میں پینسٹھ سال سے ہو رہا ہے، تب تک پاکستان ٹھیک نہیں ہو سکتا۔ ہم 149 نمبر پر پہنچ چکے ہیں اپنے نظام انصاف کی وجہ سے۔ ہمارا reverse gear لگ ہی نہیں رہا۔ ہم جس سپیڈ سے چھکے چوکے مار رہے ہیں، مجھے نہیں لگتا کہ ہم تین سو چار سو کی سنچری بھی کراس کر جائیں، کرکٹ میں تو ہمیں وکٹ مل نہیں رہی۔

جناب آخری چیز جس پر میں sum up کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو آپ نے الزامات لگا کر، جیسا میں ابھی سن بھی رہا تھا کہ جج صاحبان کو بہت problem ہو رہی ہے اور ان کو pressurize کیا جا رہا ہے اور بہت ساری چیزیں بھی تھیں، تو ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ لیکن جناب مجھے یہ بتائیں جب آپ کسی کے نکاح کو نکاح نہیں مانیں گے، جب آپ ہمارے bedroom سے لے کر ہمارے bathroom سے لے کر، سٹیل ملز سے لے کر، ریکوڈک سے لے کر، نسلہ ٹاور سے لے کر، جب ہر چیز میں آپ involve ہو جائیں گے تو میں ان اسمبلیوں کا کیا کروں، میں تو کچھ نہیں کر سکتا۔ پھر آپ زیادہ جانتے ہیں تو آپ کریں اور ہم بیٹھ جاتے ہیں۔ ہم نالائق، نا اہل اور نکمّے ہیں تو ہم پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔

جناب صرف آخری چیز کہنا چاہوں گا کہ پھر الزامات کی بارش ہوئی۔

I am not shying away Mr. Chairman. If I am pro-Army, I am pro-judiciary, I am pro-politician, I am pro-businessman, I am pro-bankers.

مجھے ان سب نے سکھایا ہے لیکن میں کسی کا دشمن نہیں ہوں، میں مخالف ضرور ہو سکتا ہوں۔ چیئرمین صاحب، ہم اتنے بڑے ایوان میں بیٹھے ہیں، مجھے اس بات کا جواب کون دے گا جو ہم نے ریکوڈک میں صرف judgements کی وجہ سے اربوں ڈالر کا نقصان کر دیا ہے۔ وہ پاکستانیوں کا اربوں اور کھربوں ڈالر کا نقصان کیسے بھرا جائے گا۔ ہم مہنگائی کو تو پیٹ رہے ہیں، ہم بجلی کو تو پیٹ رہے ہیں، ہم گیس کو تو پیٹ رہے ہیں، وہ کیسے دیں گے آپ؟ آپ نے نسلہ ٹاور کے معصوم بچوں کو بے گھر کر دیا۔ ان کی جمع پونجی ہڑپ کر کے ان کو سڑک لے آئے۔ آپ constitution tower کو تو نہیں گرا سکتے کیونکہ شاید آپ کے اپنے گھر نہ ہوں۔ مجھے نہیں پتا۔ پھر آپ نے الزامات کی فہرست کر لی کہ جی یہ ادارہ ہمیں pressurize کر رہا ہے۔ یہ جب pressurize کر رہا تھا تو آپ ہمیں اس وقت بتاتے۔ آپ اس وقت کھڑے ہو جاتے، شواہد دیتے۔ وہ بھی نہیں ہوا۔ اب میں آپ کو صرف بتا رہا ہوں کہ عدل و انصاف کا ہماری زندگیوں پر impact کیسے ہوتا ہے۔ میں پہلی مرتبہ بندیال صاحب،، جسٹس منصور علی شاہ صاحب اور جسٹس عائشہ ملک صاحبہ کے سامنے پیش ہوا، ان کی جو fair side and fairness تھی اور جس بات میں وزن تھا اور ان کی قلم میں طاقت تھی کہ وہ پھانسی کے پھندے پر چڑھا دیتے، اس نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں آگے بڑھ کر یہ کہوں کہ not only میں regret کرتا ہوں لیکن میں اس کرسی سے resign کرتا ہوں کیونکہ یہ تحریکِ انصاف کی کرسی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایک جج کے بیٹھنے اور conduct سے آپ میں ایک emotional and moral change بھی آ جاتی ہے۔

جناب! مجھے نہیں پتا کہ میں America میں پیدا ہونے والا ہوں یا گاؤں میں پیدا ہونے والا ہوں، میں America میں پیدا ہو گیا۔ میں نے کوئی oath بھی نہیں لیا، میں نے کوئی green card بھی نہیں لیا، میں نے کوئی residency بھی نہیں لی، میری پاکستانیت پر question کیا۔ جناب! میں آپ کے سامنے ایک چیز پیش کرنا چاہتا ہوں اور اس سے آپ بھی خوش ہوں گے، میرے بچے، والدین، بہن، بھائی اور گویا پورا خاندان eligible ہیں لیکن کوئی بھی

دوسرے ملک کا citizen نہیں ہے۔ یہ پاکستانیت ہے، اگر میں نے چھوڑا تو انہوں نے بھی چھوڑ دیا، ہمیں نہ بتائیں اور ہمیں پاکستانیت کا بھاشن نہ دیں کیونکہ الزامات لگ گئے ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ میری سابقہ حکومت کے دوران judges کے نام لئے جارہے تھے اور ان پر تابڑ توڑ حملے ہو رہے تھے اور سینیٹر سید شبلی فراز صاحب میرے ساتھ اس Ministry کا حصہ تھے۔ میں کسی judge کو judge نہیں کر سکتا کہ وہ اچھے یا برے ہیں لیکن میں social media or media پر جو بیانات اور الزامات دیکھ رہا ہوں۔ میں expect کرتا ہوں کہ morally آگے آ کر ان کو clear کیا جائے۔ یہ نمبر ایک ہے۔

جناب! نمبر دو ہے کہ اب ہم جب قانون بنا رہے ہیں، ہم ہی اس پر implement کرائیں گے، ہم ہی اس کو define and summarize بھی کریں گے۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ ہم قانون pass کریں، ہم قانون بنائیں، ہم محنت کریں، ہم vote لیں اور ہم ہی سب کچھ کریں لیکن اس کی summary and definition اپنے تحت change ہو جائے یا اپنے تحت بنالی جائے، یہ اب ہم کریں گے، ہم کروائیں گے۔

جناب! میری آخر میں گزارش ہے کہ ایک affidavit جو میرے case کے بعد میرے بار بار بولنے پر change کر دیا گیا، اگر وہ affidavit ہم پر لاگو ہے تو وہ affidavit پاکستان کے سارے judges, جرنیلز پر بھی لاگو ہو گا، اگر وہ میرے اور آپ پر لاگو ہے تو ان سب پر بھی لاگو ہو گا، اگر نہیں ہے تو ہم اس کی implementation لاگو کرائیں گے۔ آپ جب ایک غریب آدمی کو اس کا حق نہیں دے رہے، لوگ cases میں 25, 25 سال خوار ہو رہے ہیں، 6 کے 9 اور 9 کے 6 آپ کبھی کسی کو please کرنے کے لیے laws change کر رہے ہیں، آپ کبھی کچھ کر رہے ہیں اور کبھی کچھ کر رہے ہیں۔ ہم یہ کب تک دیکھتے رہیں گے، ہم یہاں پر 6 سال نہیں، مزید 60 سال بھی لگا دیں گے تو ہم نظام کو نہیں بدل سکتے کیونکہ نظام عدل ہی ٹھیک نہیں ہے جب عدل کا نظام ہی ٹھیک نہیں ہے تو پھر آپ ملک کو کس طریقے سے آگے لے کر چلیں گے۔ ہم 10 مرتبہ حکومتیں لے آئیں، ہماری حکومتیں چلی جائیں، گرادی جائیں، ہمیں بٹھا دیا جائے۔ ہم نہیں چل سکتے جب تک ہمارا قانون نہیں بدلے گا اور قانون کی implementation نہیں ہو گی اور قانون priority پر نہیں ہو گا۔ ایک محترم ہیں، وہ بہت ساری statements

دے رہے ہیں، آپ statements نہ دیں، آپ کے قلم میں طاقت ہے، آپ پھانسی کے پھندے پر چڑھا دیں، آپ کسی کی عزتیں نہ اچھالیں کیونکہ جب آپ عزتیں اچھالتے ہیں تو اس کی repercussions آپ کی آنے والی نسلوں پر جاتی ہیں۔ کسی کی بہن بیاہی ہوئی ہے، کسی کی ماں بیمار ہے اور کسی کا کچھ ہے۔

جناب! میں آپ کے سامنے آخری چیز یہ پیش کر رہا ہوں کہ ہمیں بہت تسلسل سے اس چیز کو address کرنا پڑے گا۔ اب یہ نہیں ہو سکتا کہ جو سیاچین میں بار بار، borders کے اوپر جانیں دے رہے ہیں، ہم ان کا تماشا بنا لیں، ہم ان کی شہادتوں کا تمسخر اور مذاق اڑائیں۔ اس میں اگر کوئی ambitious لوگ ہیں تو ہم ان کو address کر لیں گے۔ ہمارے پاس ان کے لیے بھی forum ہے لیکن یہ possible نہیں ہے کہ ہم اندر کچھ ہیں اور باہر کچھ ہیں۔ یہاں پر بہت سارے لوگ ہیں، میں ان کا نام لینا مناسب نہیں سمجھتا، I am trying to be humble on the very first day, کہ جو چاروں طرف کھیل رہے ہیں، جو حکومت سے باہر بیٹھ کر حکومت کو criticise بھی کر رہے ہیں لیکن اندر سے حکومت سے بات بھی کر رہے ہیں، left, right, front and back پر بھی بات کر رہے ہیں۔ جناب! یہ نہیں ہو سکتا، اب ہمیں ان کو address کرنا پڑے گا، we need to expose elements within us, چاہے وہ اسی ایوان میں کیوں نہ ہوں۔

جناب! اب آپ یہ ناجائز چیز نہیں کر سکتے۔ 31 billion electric company نے ایک unit بیچے بغیر لے لیا ہے، اس پر کوئی notice نہیں ہے اور اس پر کوئی چیز نہیں ہے۔ ہم تمام لوگوں کو آپ کی سربراہی میں یہ Rules and Regulations and law کو implement کرانے کے لیے سب سے پہلے سینیٹ کو قومی اسمبلی کے ساتھ آگے بڑھنا پڑے گا۔ جناب! جب تک یہ issue address نہیں ہوگا تب تک پاکستان کا کچھ نہیں ہو سکتا۔ جناب! میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا، آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں سینیٹر محسن عزیز صاحب کو وقت دے چکا تھا کیونکہ سینیٹر محسن عزیز صاحب نے پہلے time مانگا تھا۔ You can decide between yourself. ابھی بہت اجلاس آئیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میں یہاں پر دیکھ رہا ہوں کہ یہاں پر نام نہیں آ رہا۔ جی سینیٹر محسن عزیز صاحب! آپ دو منٹ بات کر لیں۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں نے صرف دو منٹ گفتگو کرنی ہیں اور اس میں یہ کہنا ہے کہ یہاں پر جس طرح قائد حزب اختلاف نے گفتگو کی اور جیسے ہمارے اور صاحبان گفتگو کر رہے ہیں اور میں بھی اس کا تسلسل ہوں اور کہتا ہوں کہ شائستگی اور decency کا کردار یہاں پر ہونا چاہیے اور ہمیں show کرنا چاہیے۔ ہمارے فاضل رکن جو سینیٹ آف پاکستان کے رکن ہیں، ابھی elect ہوئے ہیں، سینیٹر ایمل ولی خان صاحب نے کچھ غیر پارلیمانی اور کچھ بہت گری ہوئی گفتگو کی ہے، میں اس وقت وہ یہاں پر دہرانا نہیں چاہتا۔ میں سب سے پہلے اس کو condemn, reject اور اس کی مذمت کرتا ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر محسن عزیز: جناب! مجھے گفتگو کرنے کا موقع دیا جائے۔ میں آج عمر کے جس حصے میں ہوں۔ انہوں نے بھی ہماری غیر موجودگی میں بات کی ہے، یہ کوئی بات نہیں ہے کہ اگر وہ موجود نہیں ہوں گے تو ہم بات نہیں کریں گے۔ ہمارا حق ہے اور ہم جواب دینے کا حق رکھتے ہیں، آپ بھی پختون ہیں، آپ بھی میرے ساتھ کھڑے ہوں۔ آپ پختون ہیں، آپ پختونخوا کے نمائندے ہیں، آپ کو چاہیے کہ آپ بھی میرے ساتھ کھڑے ہوں۔ میں یہاں پر کوئی غیر اخلاقی بات نہیں کروں گا۔

Mr Chairman: Senator Mohsin Aziz Sahib, he is not in the House when he will be in the House,

پھر آپ بات کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! دیکھیں یہ کوئی بات نہیں ہے کہ وہ موجود نہیں ہیں، اگر کوئی موجود نہیں ہے۔ جناب! میں بتانا چاہتا ہوں کہ میں آج عمر کے اس حصے میں ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ دیکھیں کہ ماحول بہتر ہے، اس کو خراب نہ کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: ان شاء اللہ، میں کوئی غلط بات نہیں کروں گا، نہ میری نیت ہے اور نہ میں غلط بات کرنا چاہتا ہوں اور نہ میری تربیت ہے لیکن میری بات سن لیں۔

Mr. Chairman: Honourable Member is not present in the House.

سینیٹر محسن عزیز: جناب! آپ دیکھیں کہ یہ کیا بات ہوئی۔

جناب چیئرمین: آپ سب خاموش ہوں کیونکہ مجھے ابھی تک سمجھ نہیں آئی کہ آپ کیا بات کرنا چاہ رہے ہیں؟آپ بیٹھیں گے تو مجھے سمجھ آئے گی۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب! میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہ رہا ہوں کہ انہوں نے میری بات سنی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: آپ بات کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: جی بڑی مہربانی۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ آج میں عمر کے اس حصے میں ہوں جہاں دنیا نے بہت اچھی چیزیں بھی سکھائی ہیں، تہذیب بھی سکھائی ہے تو ساتھ ہی کچھ غلط چیزیں بھی سکھائی ہیں۔ گالی کا جواب گالی سے دینا کوئی مشکل بات نہیں ہے، اس میں سوچنے کی بھی ضرورت نہیں ہے، اس میں وقت کی بھی ضرورت نہیں ہے، اس میں کوئیcourage کی بھی ضرورت نہیں ہے لیکن بات یہ ہے کہ اگر میرے والدین نے مجھے یہ سکھایا ہے تو علیحدہ بات ہے، اگر میرے والدین نے یہ سکھایا ہے کہ تہذیب، تمدن اور اپنی گفتگو کو اخلاق کے دائرے کے اندر رکھوں تو میں یہ ضرور کہوں گا کہ وہ اس بات پر سبقت لے جاتا ہے جو دنیا نے ہمیں سکھائی ہے کیونکہ میں نے اپنے والدین کے سبق کو primary حیثیت دینی ہے، میرے دین نے مجھے جو سکھایا ہے، میں نے اسےprimaryحیثیت دینی ہے۔ جناب والا! بات صرف یہ ہے کہ یہاں ہم سمجھتے ہیں کہ غفار خان صاحب، ولی خان صاحب بہت اچھے اور رپائے کے لیڈر تھے، ہم نے انہیں follow کیا ہے، ہم نے ان کی باتیں سنی ہیں، گندے سے گندے وقت میں، مشکل سے مشکل وقت میں انہوں نے شائستگی کا دامن نہیں چھوڑا، انہوں نے شائستگی کو اپنا کردار رکھا لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایمل ولی صاحب کو ان کی صحبت نصیب نہیں ہوئی۔

جناب والا! خیبر پختونخوا کے ایک وزیر اعلیٰ حیدر ہوتی صاحب تھے، آج بھی treasury and oppositionکے لوگ ان کے کردار، ان کی گفتگو کے معترف ہیں۔ میں صرف یہ کہنا

چاہتا ہوں کہ آج یہاں جس آدمی نے اپنی پارٹی کو اس نہج تک پہنچا دیا ہے کہ وہ قومی اسمبلی سے فارغ ہو گئے ہیں اور اب بلوچستان سے نازل ہو کر یہاں آئے ہیں، انہیں یہاں بتایا جائے کہ ایسی گفتگو نہ کی جائے، اس ایوان کے ماحول کو اچھا رکھا جائے۔

Mr. Chairman: He is a leader and he can contest from anywhere.

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! پختون ایک قوم ہے، پختونخوا ایک صوبہ ہے، پختونوں کی روایات کو جانیں اور اپنے کردار سے اسے ثابت کریں، پختون کو گالی نہ دیں، پختونوں نے اس قوم اور ملک کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔

جناب چیئرمین: جب وہ خود آئیں گے تو جواب دیں گے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ اپنی سیٹ پر نہیں ہیں، میں نے کہہ دیا ہے کہ ایمل ولی صاحب جب آئیں گے تو وہ خود اس کا جواب دیں گے۔ کاکڑ صاحب BAP کے پارلیمانی لیڈر ہیں۔ جی کاکڑ صاحب۔

**Senator Manzoor Ahmed**

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے آپ، ڈپٹی چیئرمین اور نئے آنے والے سینیٹرز کو منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک دیتا ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ تمام پارٹیوں اور اس ایوان کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ جناب والا! آپ ماشاء اللہ بہت عہدوں پر فائز رہے ہیں، آپ کا جمہوری حوالے سے ایک سیاسی background ہے، آپ کی نظر، آپ کی سوچ، آپ کا سیاسی career بہت گہری نظر رکھنے والا ہے۔ ہم یہاں دو گھنٹوں سے شکوہ اور جواب شکوہ سن رہے ہیں، میں پھر وہی بات کہوں گا کہ اس ملک کو بنے ہوئے پچھتّر سال ہو گئے ہیں، وہی آئین ہے، کبھی یہ آئین یہاں چلا جاتا ہے اور کبھی یہ وہاں چلا جاتا ہے، کبھی یہ شکوہ کرتے ہیں تو کبھی وہ شکوہ کرتے ہیں، اس کی کیا وجہ ہے؟ کیا ہم نے اس پر کبھی سوچا ہے؟ کیا ہم نے کبھی اس پر غور کیا ہے؟ سوائے ایک دوسرے کے دست و گریبان ہونا، ایک دوسرے کو بُرا بھلا کہنا۔ یہاں debate بھی ہوئی اور اچھا ہو کہ دوستوں نے اس پر بات بھی کی۔ یہ وہ جگہ ہے، یہ House of the Federation ہے، یہاں تمام صوبوں کی برابر کی نمائندگی ہے، ہم یہاں اپنے صوبے کی، پاکستان کی اور پاکستان کے پچیس کروڑ عوام کی بات کرتے ہیں۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ہم یہاں صرف پاکستان

کے لیے، پاکستان کے پچیس کروڑ عوام کے لیے، پاکستان کی ترقی کے لیے، پاکستان کی معیشت کے لیے اور پاکستان کے استحکام کے لیےlegislation کرتے لیکن بد قسمتی سے ہم یہاں دست و گریبان ہیں، آپ نے یہ کیا، میں نے یہ کیا، ماضی میں یہ ہوا، آپ نے یہ کیا۔ جناب والا! یہ کیوں ہوا؟ میں پھر یہ کہوں گا کہ ہم اس کے خود ذمہ دار ہیں، ہم کبھی پاکستان اور عوام کی ترقی اور مستقبل لیے کبھی ایسی کوئیpolicy لے کر ہی نہیں آئے ہیں، ہم یہ کر سکتے ہیں۔ اس ملک کے لیے، عوام کے لیے، اداروں کے لیے اگر ہم قانون سازی کرتے تو آج پاکستان بہت آگے جا چکا ہوتا اور پاکستان کے عوام اتنی پریشانی کے عالم میں نہ ہوتے۔

جناب والا! قانون سازی بھی ہوئی اور یہاں بات بھی ہوئی کہ بارہ لوگوں کے ساتھ یہاں قانون سازی ہوئی، میں مانتا ہوں۔ میں پھر وہی بات کروں گا کہ جب میرے ساتھ کچھ ہوتا ہے تو آپ بہت خوش ہوتے ہیں اور جب آپ کے ساتھ کچھ ہوتا ہے تو پھر آپ بہت ناراض ہوتے ہیں۔ یہ الیکشن تو پچھتر سالوں سے ہو رہے ہیں، کوئی جیت جاتا ہے اور کوئی ہار جاتا ہے، چلیں جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔ اب کم از کم ہم اس بات کو دیکھیں کہ اب جس کے پاس بھی جو mandate ہے، آئیں مل کر، ایک دوسرے کا ساتھ دیں، پاکستان کا سوچیں، عوام کا سوچیں۔ اس وقت پاکستان جو دہشت گردی کے بھنور میں دوبارہ آیا ہوا ہے، اس پر کسی نے کوئی بات کی ہے؟ اس وقت عوام جس پریشانی میں ہے، دو، تین سال پہلے سیلاب آیا، ہم اسی ایوان میں تھے اور ہم نے اس ایوان میں کہا کہ یہاں سے لوگ گئے ہیں، photo session ہوا ہے، TV پر آیا ہے لیکن اس کے بعد ان سیلاب زدگان کے لیے کوئی بات ہوئی ہے، کوئی debate ہوئی ہے، کوئی policy بنائی گئی؟ آج دوبارہ سیلاب آیا ہے، آپ ان لوگوں کا جا کر حال دیکھ لیں۔ میں آپ کو چھوٹی سے مثال دیتا ہوں، سندھ میں جتنے نقصانات ہوئے تھے، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے صوبے ہمارے سامنے تھے لیکن اس کے بعد اس پر کوئی debate نہیں ہوئی۔ جب آپ ایک چیز کو seriously ہی نہیں لیتے، آپ عوام کے لیے دل میں درد ہی نہیں رکھتے، آپ آگے جانے کی سوچ ہی نہیں رکھتے، محض یہاں باتیں کرنے اور debate کرنے کا کیا فائدہ ہے؟ میں صرف ہنہ اوڑک کی بات رکھوں گا، کوئٹہ ضلع کے اندر ہے، پچھلے آنے والے سیلاب کے بعد جا کر ان کی زندگی دیکھیں، ان لوگوں کی زندگی stone age میں رہنے والی بن گئی ہے۔ تین سالوں میں وہاں road نہیں بنی تو میں ترقی کی کیا بات کروں گا،

میں پاکستان کی کیا بات کروں گا، میں معیشت کی کیا بات کروں گا۔ جناب والا! ہم کس طرف جا رہے ہیں؟

جناب والا! اگر میں interior Balochistan کی بات کروں کہ آپ جا کر دیکھ لیں، انہوں نے ہنہ اوڑک کا گیارہ ارب روپے کا estimate لگایا تھا کہ وہاں اتنے نقصانات ہوئے ہیں۔ آج تک ان کے لیے تو کچھ بھی نہیں ہوا، وہ ویسے کے ویسے ہی پڑے ہوئے ہیں بلکہ ان لوگوں کا حال پہلے سے بدتر ہوا ہے۔ اب جب یہ سیلاب آیا تو ان کی حالت پہلے سے بھی بدتر ہو گئی ہے۔ اسی طرح کچلاک ہے، اغبرگ اسی طرح ہے، پشین اسی طرح ہے، لورالائی اسی طرح ہے، کیچ، چاغی، ماشکیل، حب اور خضدار اُسی طرح ہیں، ہم کس کس چیز پر بات کریں۔ ہم کبھی serious ہوں گے؟ ہاں! اگر ہماری نیت کام کرنے کی ہو گی تو ہم یہ کر سکتے ہیں لیکن پچھتّر سالوں میں ہماری نیت نہیں رہی، چاہے ہماری bureaucracy ہو، چاہے میڈیا والے جو اوپر بیٹھے ہیں، چاہے ہم ہوں، چاہے ہماری judiciary ہو یا کوئی اور ہو، کسی کی نیت نہیں رہی کہ ہم عوام کو facilitate کریں، ہم عوام کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔

جناب والا! اس وقت ملک جس مہنگائی میں گھرا ہوا ہے، آپ ایک سرکاری ملازم کی تنخواہ دیکھ لیں جس کی تنخواہ پچاس ہزار روپے ہے، آپ اس سے پوچھیں کہ وہ مہینے بھر گزارہ کر سکتا ہے یا نہیں کر سکتا۔ میں اپنے آپ کو اور یہاں بیٹھے ہوئے دوست دیکھتے ہیں کہ ہم پچاس ہزار روپے میں مہینے بھر میں گزارہ کر سکتے ہیں۔ جناب والا! یہ ناممکن ہے، ہم نے کبھی اس کے متعلق سوچا ہے، کبھی ہم نے اس پر کوئی بات کی ہے؟ ایک دیہاڑی دار آدمی کو آپ دیکھ لیں، ایک video social media پر viral ہوئی ہے کہ ایک خاتون کے چار بچے ہیں، وہ جانوروں کے ساتھ ایک ہی کمرے میں زندگی بسر کر رہی تھی، میں نے کل facebook پر یہ video دیکھی ہے۔ کیا وہ انسان نہیں ہے، کیا اس کو پاکستان کے آئین نے زندگی کی اجازت نہیں دی ہے؟ کیا وہ اس معاشرے کا حصے نہیں ہے؟ کیا وہ پاکستانی نہیں ہے؟ جب تک ہم اپنا کردار نیک نیتی کے ساتھ ادا نہیں کریں گے تب تک ہم انہی پریشانیوں میں گھرے رہیں گے۔ ایسے ہی مسائل ہمیں درپیش ہوں گے۔ اگر آپ talk shows دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ negative چیزیں ہی ہیں کوئی positive چیز ہمارے پاس ہے ہی نہیں۔ چاہے وہ ہمارے ڈرامے، پروگرامز ہوں یا ہمارے talk-shows ہمارے جوان ذہنی

بیمار ہو گئے ہیں، وہ کس کے پاس جائیں؟ کیا ہم نے انہیں اچھی تعلیم دی ہے؟ کیا ہم نے انہیں اچھی زندگی دی ہے؟ ہم کہتے ہیں کہ 67% ہمارا youth ہے لیکن ان نوجوانوں کے ساتھ ہم نے کیا کیا ہے۔ ان نوجوانوں کے لیے ہمارے ایوان زیریں یا صوبائی اسمبلیوں نے کیا کیا ہے؟ ہم تو پھر یہ کہتے ہیں کہ ساٹھ سال کی عمر تک ہم نوکری کر لیتے ہیں اور ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ ہم کوئی اچھی آسامی لے لیتے ہیں، اٹھارہ، بیس، پچیس یا تیس لاکھ روپے تنخواہ لے لیتے ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ ساٹھ سال کی عمر کے بعد جب آپ ریٹائر ہو جاتے ہیں، آپ کو تمام مراعات مل جاتی ہیں اس کے بعد آپ کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ آپ دوسری جگہ پر بیٹھ جاتے ہیں، کیا ہمارے بچوں اور ہمارے نوجوانوں کا حق نہیں ہے کہ ہم انہیں مواقع دیں کہ وہ بھی آگے آ کر پاکستان کی باگ ڈور سنبھالیں۔ پاکستان کی ترقی کی باگ ڈور سنبھالیں، پاکستان کے لیے اپنا کردار ادا کریں لیکن ہم نے کبھی بھی ایسا نہیں کیا۔ ہم تو چاہتے ہیں کہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ہمیں کوئی اچھی سی سیٹ ملے جہاں پر اتنی مراعات اور اچھی تنخواہ ہو۔

جناب چیئرمین! جہاں پر انصاف نہ ہو، جہاں انصاف بکتا ہو۔ یہاں پر بھٹو شہید صاحب کی بات ہوئی، پچاس سال کے بعد اس کا فیصلہ آتا ہے کہ وہ اس کیس میں ملوث نہیں تھا، ان کے خلاف کچھ نہیں تھا، وہ اس کیس سے بری بھی ہوتے ہیں۔ جب پچاس سالوں کے بعد فیصلہ آتا ہے تو اس خاندان کا اور اس گھر کا یا جس نے یہ کام کیا تھا اس کے خلاف کیا کوئی بات ہوئی ہے۔ چلو آپ نے بری تو کر دیا، اب وہ ہمارے درمیان نہیں ہیں، آپ نے جو نقصان پہنچانا تھا وہ تو آپ نے پاکستان کو پہنچا دیا لیکن جنہوں نے یہ کام کیا تھا چاہے وہ I.O ہو یا جو بھی ہو کیا اس فیصلے میں اس کے خلاف کوئی بات ہوئی؟ یہ انصاف ہے، اس طرح انصاف چلتا ہے۔ اللہ پاک نے اس دنیا میں آپ کو کرسی دی ہے کہ آپ اس منصب پر بیٹھ کر لوگوں کو انصاف اور relief دیں لیکن جہاں پر انصاف بکتا ہو تو کیا وہ معاشرہ ترقی کرے گا۔ وہ معاشرہ آگے جائے گا، کبھی بھی نہیں ہو سکتا ہے۔ ہائی کورٹ کا ایک جج جو ریٹائر ہو چکا ہے، اس کی ایک درخواست سپریم کورٹ میں گئی کہ میں نے اپنے گھر پر ایک سولر پینل لگایا ہوا ہے، مجھے جو بجلی کے یونٹ مل رہے ہیں اس کے بدلے آپ مجھے پیسے دے دیں، مجھے یونٹ نہیں چاہییں۔ آپ اندازہ لگائیں کہ انہیں دس سے پندرہ لاکھ روپے پنشن کے بھی مل رہے ہیں، بجلی اور گیس کے یونٹ بھی مل رہے ہیں لیکن پھر بھی وہ پاکستان کو نوچ رہا ہے اور چھوڑ نہیں رہا ہے۔ وہ یہ نہیں سوچتا کہ وہ یہ کسی غریب کو دے دے جو اس کا حق دار ہے، جس کے پاس ایک وقت کا نوالہ

نہیں ہے، جو اپنے بچے کو اچھی زندگی، اچھی صحت اور اچھی تعلیم نہیں دے سکتا ہے۔ کاش آپ اس کے لیے سوچتے۔

اس کے بعد ایک دوسرے صاحب آئے تھے اور وہ ڈیموں میں پڑ گئے، یہاں سے اور وہاں سے چندہ لے لو۔ بھائی آپ کا کام ہی نہیں ہے۔ آپ جس منصب پر اور جس کام کے لیے بیٹھے ہیں، پچاس سال کے بعد پھر ایسے ہی فیصلے ہوں گے۔ ایسے cases اور بھی ہیں جس میں بندے جیل میں مر چکے ہیں، انہیں دفنا بھی دیا گیا اور اس کے بعد فیصلہ آتا ہے کہ وہ بے گناہ ہیں۔ یہ کیسا انصاف ہے، یہ کیسا معاشرہ ہے، یہ کیسے چلے گا جناب چیئرمین۔ ہمیں اس پر بات کرنی چاہیے، بحث کرنی چاہیے۔

کیا آپ نے زراعت پر کوئی بات کی ہے، کیا آپ نے اس کے لیے کوئی پالیسی بنائی ہے۔ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے جس سے ہم ترقی کر سکتے ہیں۔ کیا آپ نے کسانوں کو کوئی relief دیا ہے؟ آپ نے اس کے بارے میں سوچا بھی نہیں ہے۔ کیا آپ کے پاس صحت ہے؟ میں کہتا ہوں کہ health نہیں ہے۔ کیونکہ آپ کے health کی جو facilities ہیں وہ عوام تک پہنچائی ہی نہیں ہیں۔ آپ کے ہسپتالوں میں اربوں روپے فنڈز کی مد میں آتے ہیں لیکن عوام ان پیسوں سے مستفید نہیں ہوئی ہے۔ وہ پیسے کہاں جاتے ہیں، کیا آپ نے اس پر بحث کی ہے۔

کیا بازار میں جو جعلی ادویات مل رہی ہیں آپ نے اس پر کام کیا ہے؟ جو زہر بازار میں بک رہا ہے، میں وہ زہر خرید رہا ہوں، اپنے بچوں کو دے رہا ہوں، خود کھا رہا ہوں، کیا آپ نے اس پر بات کی ہے؟ یہ ہمارا اسلامی معاشرہ ہے؟ یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے کہ میں زہر خرید کر کھا رہا ہوں۔ مجھے پتا بھی ہے، اس میں کون لوگ ملوث ہیں، سب کو پتا ہے۔ کیا ہم اتنے گر چکے ہیں کہ ان کے خلاف قانونی کارروائی نہیں کر سکتے ہیں۔ کیوں نہیں کر سکتے ہیں؟ ہم کر سکتے ہیں لیکن کارروائی کرنے کی ہماری نیت نہیں ہے۔ ہمارے پاس تعلیم ہے، سکول ہیں لیکن پھر کہوں گا کہ ہمارے پاس تعلیم نہیں ہے۔ اس کے کتنے پیسے ہیں، کتنے ghost schools ہیں، اڑھائی سے تین کروڑ کے قریب بچے سکول سے باہر ہیں کیا اس پر بات ہوئی ہے۔ عوام کی نگاہیں انہی ایوانوں پر مرکوز ہیں لیکن ہم اس عوام کے لیے کچھ بھی نہیں کر پا رہے ہیں۔

ہمارا تعلیمی نظام، ہمارا زرعی نظام، ہماری صحت، ہماری معیشت، ہماری خارجہ پالیسی، ہماری داخلہ پالیسی دیکھیں، ہم نے کیا کیا ہے؟ اب اگر میں دہشت گردی کے حوالے سے بات کروں۔ میں

بلوچستان میں دہشت گردی کی بات کروں۔ کل پرسوں موٹروے پر ہمارے پولیس آفیسر کو شہید کیا ہے، وہاں سے لوگوں کو کچے کے ڈاکو اٹھا کر لے گئے ہیں۔ کچے کے ڈاکو کیا بن گئے ہیں سمجھ ہی نہیں آتی ہے۔ کچے کے ڈاکوں اتنے طاقتور ہو گئے ہیں کہ وہ video viral کر دیتے ہیں کہ فلاں SHO ہمیں اسلحہ فراہم کرتا ہے اور ہم اسے اسلحہ دیتے ہیں۔ اسلحے کی نمائش بھی کرتے ہیں، ہم اتنے کمزور ہیں کہ ایک کچے کے ڈاکو کا مقابلہ نہیں کر سکتے ہیں جو آئے دن نہ کسی پنجابی کو چھوڑ رہا ہے، نہ کسی پشتون کو نہ کسی بلوچ کو اور نہ کسی سندھی کو چھوڑ رہا ہے، وہ کسی کو بھی نہیں چھوڑ رہے ہیں، یا تو ransom amount لیتے ہیں یا انہیں مار کے بھجوا دیتے ہیں۔ پھر ہم کہتے ہیں کہ ہم امن و امان بہتر کرنے جا رہے ہیں۔ ہم نے ابھی تک کچے کے ڈاکوؤں پر قابو نہیں پایا ہے جناب تو آگے ہم کیا کریں گے، عوام کو کیا relief دیں گے، عوام کو کم از کم سکون کی زندگی تو گزارنے دیں۔ مہنگائی کے حوالے سے ہم نے انہیں مار دیا ہے۔ پٹرول کی قیمت، بجلی کی قیمت، گیس کی قیمت کہاں چلی گئی ہے، یہ سب ہمارے سامنے ہیں اور میرے خیال میں اور بھی مہنگائی ہونے جا رہی ہے، اس پر بات کریں، اس پر legislation کریں، مل کر بیٹھیں، اس پر بات کریں کہ ہم کم از کم عوام کو سکون کی زندگی تو دیں۔ موٹروے پر خواتین کے rape ہوئے ہیں، یہ بات کرنے کی معافی چاہوں گا، کیا ہم نے اس واقعے کے بعد اس پر کوئی بات کی۔ ہمارے پانچ سال کے بچے اور بچیوں کے ساتھ یہ کام ہو رہا ہے، کیا ہم نے اس پر کبھی غور کیا ہے۔ پھر کہوں گا، پہلے بھی اس ایوان میں بات کی تھی کہ جب میرے ساتھ ہو گا، تب اس دن میں چلاؤں گا۔ چاہے IG کا بیٹا یا بیٹی ہو اگر خدانخواستہ اس کے ساتھ یہ ہوتا ہے تو پھر وہ اٹھے گا۔ اگر کوئی بڑا آفیسر ہو اور خدانخواستہ اس کے بیٹے یا بیٹی کے ساتھ ایسا ہو تو پھر وہ اٹھے گا، کیا غریب کا بچہ اس معاشرے کا حصہ نہیں ہے، وہ اس کا لخت جگر نہیں ہے۔ بس افسوس کرنے چلے جاتے ہیں کہ ہم افسوس کرنے آ گئے ہیں۔ ہم انہیں پکڑ لیں گے، ہم یہ کر لیں گے، ایسا نہیں ہوتا ہے جناب چیئرمین۔ ہمیں کچھ کرنا ہو گا۔ ہمیں کچھ سخت اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ ٹھیک ہے سیاست کریں گے، جماعتیں ہر کسی کی اپنی ہیں، نظریہ سب کا اپنا ہے لیکن پاکستان پر، اس کی معیشت پر، اس کی ترقی پر، law and order پر اور دہشت گردی کے خلاف سر جوڑ کر بیٹھیں، آئیں اس پر ایک راستہ بنائیں اور آگے کا سوچیں۔ اگر ہمارا یہی حال رہا، ہماری یہی سوچ اور فکر رہی تو ہم اور بھی تباہی کی طرف جائیں گے اور ہم آگے نہیں بڑھ سکیں گے۔

اگر ہم مل کر آگے چلیں، میں پنجاب کو، سندھ کو اور خیبر پختونخوا کو اپنا بھائی سمجھوں تو میں ترقی کر سکتا ہوں، چاہے میرا تعلق جس بھی جماعت سے ہو لیکن سوچوں میں پاکستانی بن کر، میں پاکستان کی فکر کروں، اس کے عوام کی فکر کروں، پاکستان کی ترقی کی فکر کروں۔

جب تک ہم legislation نہیں کریں گے تو ہمیں یہ مشکلات پیش آتی رہیں گی۔ میں ایک مرتبہ پھر آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: I want to take the sense of the House, at the moment, neither the Leader of the Opposition, nor the Leader of the House, nor any Federal Minister is present.

جناب چیئرمین: میں sense لے رہا ہوں کہ آپ اگر بولیں گے تو کس کو سنائیں گے؟ منسٹر تو کوئی نہیں ہے۔ اچھا بات سن تو لیں، میری بات پوری ہونے دیں۔ میں صرف یہ چاہ رہا ہوں کہ on point of order آپ اگر ہر قسم کی بات کریں گے تو آپ procedure کے مطابق جو بھی بات کرنا چاہیں کر سکتے ہیں I am ready to listen and I want to sit. آپ نے مہنگائی پر بات کرنی ہے، آپ نے petrol prices پر بات کرنی ہے، آپ نے law and order پر بات کرنی ہے، آپ نے legalities پر بات کرنی ہے، آپ نے معیشت پر بات کرنی ہے۔ Through proper procedure اگر آپ لے آئیں تو ہم بات کریں گے تو اس کی sense بنے گی۔

میں 4.5 years Speaker رہا ہوں اور 4.5 years ہی Prime Minister رہا ہوں اور جتنے بھی Ministers کے جواب ہوتے تھے میں خود دیتا تھا، question hour میں میں خود موجود ہوتا تھا۔ اب جو بھی according to rules procedure ہے آپ اس کو adopt کریں۔ I am ready to discuss any issue آپ جس بھی مسئلے پر بات کرنا چاہیں ہم اس کے لیے تیار ہیں مگر یہ ہے کہ آپ point of order پر شروع ہوں گے صرف budget کے علاوہ۔ Budget پر you can discuss anything but other than that you will have to follow the agenda.

اگر آپ کوئی Calling Attention لے آتے ہیں، کوئی Resolution لے آتے ہیں، کوئی اور چیز لے آتے ہیں تو ہم اس کے اوپر talk out کریں گے۔ ہم اس کے مطابق چلیں گے کل there is no business in the House but I have called the Session tomorrow at 10:30 a.m. آپ میں سے جو بھی بولنا چاہیں گے I will give you the floor.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ بول لیں۔ Let her talk. ابڑو صاحب ایک منٹ بات کرنے دیں۔ آج کسی ایک بھی خاتون نے بات نہیں کی اس لیے آپ بات کریں۔

## Point of order raised by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur regarding equal representation of women in the Assemblies and Senate according to percentage of population

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ میں آپ کو مبارک باد دیتی ہوں ہم بہت خوش ہیں کہ آپ ہمیں lead کر رہے ہیں اور میں مبارک باد دیتی ہوں جو ہمارے نئے Senators آئے ہیں۔ ہمارے Leader of the House and Ministers جو اس وقت موجود نہیں ہیں میں ان کو بھی مبارک باد دیتی ہوں، فیصل واوڈا صاحب کو بھی مبارک باد دیتی ہوں جتنے بھی لوگوں نے oath لیا ہے ان سب کو مبارک باد دیتی ہوں۔ ہمارے Leader of the Opposition تو ہیں جی پارلیمانی لیڈر بھی ہیں۔ میں صرف دو منٹ لینا چاہوں گی اور یہ کہنا چاہتی ہوں کہ مجھے تین سال ہو گئے ہیں سینیٹر بنے ہوئے اب میرے آخری تین سال ہیں اور میں چونکہ سب کا حساب لینا جانتی ہوں تو اس لیے سب سے پہلے اپنا حساب دینا چاہتی ہوں۔

میں جب روزانہ سینیٹ میں آتی ہوں تو میں خود کو جواب دہ سمجھتی ہوں کہ میں نے سینیٹ میں آ کر کیا کیا؟ میں ذاتی طور پر بہت سے sacrifices دے کر لاہور سے اسلام آباد آتی

ہوں میرے لیے یہ ایک بہت بڑا امتحان ہے کہ میں یہاں آ کر کچھ contribute کروں۔ جناب چیئر مین! میری آپ سے صرف دو گزارشات ہیں۔

پہلی گزارش یہ ہے کہ خواتین last census کے مطابق 49% تھیں، ہمیں کم از کم اور ہمارے Houses میں 17% ہیں اور اس میں مشرف صاحب کا ذکر ضرور کرنا چاہوں گی جنہوں نے خواتین کو 17% نمائندگی دی۔ میں اس دن کا انتظار کر رہی ہوں جب ہمارے پارلیمان کے وہ سارے لوگ جو پارلیمان کی بالادستی کی بات کرتے ہیں۔ وہ پاکستان کی پارلیمان میں 49% or 50% خواتین کو جگہ دیں۔ اتنا بڑا دل جب اس ملک کے leaders میں ہو گا، اس ملک کے پارلیمان میں ہو گا، اس دن اس ملک میں امن بھی آئے گا کیونکہ مائیں نہ لڑتی ہیں اور نہ ہی جھگڑتی ہیں۔ ماؤں کا کام یہ ہوتا ہے کہ سب کو بٹھا کر سب کو برابر کا حصہ دیتی ہیں اور ہم اس قوم کی مائیں ہیں، ہم اس قوم کی تربیت کرتی ہیں اور کرنا چاہتی ہیں۔ ہماری یہ گزارش ہو گی کہ ہمیں بھی تھوڑا سا forum دے دیا کریں. we will be very grateful

دوسری بات یہ ہے کہ Senate is the upper House of the Parliament میں چاہتی ہوں کہ یہاں پر ہم جو Calling Attention دیتے ہیں، ہم آپ کی طرف جو laws or requests لے کر آتے ہیں کیونکہ ہم اس وقت Opposition benches میں ہیں تو ہمیں بات کرنے کی تھوڑی سی جگہ دی جائے۔ اتنی سی بات ہے کہ جب تک اس forum میں debate نہیں ہو گی، تب تک issues پر discussion نہیں ہو گی جیسے پاکستان کے چار صوبے ہیں، دو صوبے اور کیوں نہیں ہیں Gilgit Baltistan and Azad Kashmir? جس طرح پاکستان کا صوبہ پنجاب ہے جس میں گیارہ کروڑ عوام رہتی ہے اس کو اب چھوٹا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس قسم کے جو ہمارے issues ہیں، پانی کے مسائل ہیں، باہر کے مسائل ہیں ان کے اوپر میری گزارش ہے کہ ہمیں debate کرنے دی جائے اور ہم سب کی عزت کرتے ہیں۔

ہم نے نہ پہلے کسی کی طرف disrespectful behavior show کیا اور نہ ہی آگے show کریں گے، عزت کے ساتھ چاہیں گے کہ سب کی عزت کریں لیکن ہم یہاں پر کام کی

بات کریں۔ صرف خانہ پوری نہ کریں اور اپنی ذاتی سیاست سے آگے بڑھ کر بات کریں۔ آخر میں دو شعر آپ کی نذر کرنا چاہوں گی منظر بھوپالی صاحب کے شعر ہیں۔

طاقتیں تمہاری ہیں اور خدا ہمارا ہے
عکس پر نہ اتراو آئینہ ہمارا ہے
آپ کی غلامی کا بوجھ ہم نہ ڈھوئیں گے
آبرو سے مرنے کا فیصلہ ہمارا ہے
اپنی رہنمائی پر اب غرور مت کرنا
آپ سے بہت آگے نقش پا ہمارا ہے

جناب چیئرمین: میں آپ کو وقت دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دنیش کمار۔

## Point of order raised by Senator Danesh Kumar

## regarding importance of point of order and committees

سینیٹر دنیش کمار: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ جیسے کے آپ نے کہا اب مجھے اس بات پر شرمندگی ہوتی ہے کہ جب آپ وزیراعظم تھے، ہم نے خود بھی دیکھا تھا کہ Ministers کے جواب باحیثیت وزیراعظم آپ خود دیتے تھے مگر آج یہ کرسیاں خالی پڑی ہیں اور ہمارا منہ چڑہا رہی ہیں۔ جناب چیئرمین! آج آپ نے ruling دینی ہے، آپ نے اگر اس مقدس ایوان کا تقدس بحال کرنا ہے اور جس کرسی پر آپ براجمان ہیں۔ آپ نے کہنا ہے کہ اگر Ministers نہیں آتے تو ان کو suspend کردیا جائے۔ جناب چیئرمین! آپ نے آج یہ ruling دینی ہے۔ یہ ہنسنے کی بات نہیں ہے اگر آپ ایسا نہیں کریں گے تو تقدس بحال نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین! آپ نے جو motion لانے کی بات کی، ہم motion لاتے ہیں، ہم Calling Attention لاتے ہیں، motion under Rule 218 لے کر آتے ہیں تو اس کی قرعہ اندازی ہوتی ہے اور دس پندرہ دن لگ جاتے ہیں۔ ہمارے پاس ایک ہی tool ہے اور وہ Public Point of Importance ہے جس پر ہم بات کر سکتے ہیں جس کے لیے ہر

Session میں one hour assign کیا ہوا ہے۔ اگر آپ وہ ختم کر دیں گے تو ہم اپنی بات کر ہی نہیں سکیں گے لہٰذا میری آپ سے یہی التماس ہے کہ اس کو ختم نہ کریں۔

دوسری بات یہاں میرے نئے بھائی آئے ہیں آج under Rule 204 کے تحت جو motion آیا ہے جس میں آپ نے Special Committee بنائی ہے۔ Special Committee صرف recommendation دے گی۔ میں یہاں پر تمام دوستوں کو بتا دوں کہ یہ جو بھی کام ہو گا فضول ہے۔ Money Bill پر، ہم جب شروع میں آئے تو ہم نے سمجھا کہ ایوان بالا ہے تو ہماری بہت چلے گی۔ ہمارے ہاں بچپن میں ایک کھیل ہوتا تھا جب ہم ایک عمر کے لڑکے کھیلتے تھے تو چھوٹے بچے آ کر تنگ کرتے تھے تو ہم کہتے تھے کہ گو گو کو بھی کھلا لیتے ہیں اور پھر ایک دوسرے کو آنکھ مارتے تھے کہ یہ کھیل تو رہا ہے پر یہ count نہیں ہو گا۔

یہاں پر جب budget پیش ہوا Finance Committee میں ہم نے تیاریاں کرکے، Planning Development Standing Committees میں تیاریاں کرکے recommendations دیں اور National Assembly نے ہماری تمام recommendations کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا۔ ہماری کوئی حیثیت نہیں ہے ایوان بالا صرف نام ہے اب آپ سے امید ہے کہ آپ نے اس ایوان بالا کو ایوان بالا کا درجہ دلوانا ہے تاکہ تمام صوبوں کو ان کے حقوق مل سکیں۔ اگر چیزیں اسی طرح سے چلتی رہیں تو ہمیں صرف یہ ٹھنڈے air conditioned ماحول میں بیٹھ کر مجھے تو شرم آتی ہے کہ اس air conditioned ماحول میں بیٹھ کر ہم پاکستان کی 24 کروڑ غریب عوام کی بات کرتے ہیں اور ہمارے پاس اختیارات ہی نہیں ہیں۔

## Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding alleged corruption by PASSCO with respect to wheat purchase

جناب چیئرمین! میں اب آ جاتا ہوں اپنے اصل مدعے کی طرف اور میں آپ سے یہ چاہوں گا کہ آپ اس پر ruling دیں، میں ایک بہت بڑی corruption کی داستان لے آیا

ہوں۔ اتنی بڑی corruption جس پر میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو اس پر ابھی سے کام کرنا چاہیے کیونکہ اگر یہ media پر آ گیا تو حکومت منہ چھپانے کے قابل بھی نہیں رہے گی۔

جناب چیئرمین! آپ کو معلوم ہے کیونکہ آپ کا تعلق بھی ایک زمیندار گھرانے سے ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ گندم کا موسم ہے۔ حکومت پاکستان نے غریب کسانوں کو relief دینے کے لیے اور ان کی گندم کی خریداری کے لیے 275ارب روپے بنکوں سے 24 فیصد سود پر قرضہ لیا ہے اور ڈیوٹی لگائی پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج کارپوریشن جسے ہم عرف عام میں پاسکو کہتے ہیں کہ آپ جا کر غریب کسانوں سے گندم خریدیں اور انہیں اچھا ریٹ دیں۔ Government of Pakistan نے ایک من کا 3900 روپیہ ریٹ رکھا۔ ایک بوری کا ریٹ 9750 روپے ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین! مجھے پتہ نہیں کہ پنجاب میں کیا ہو رہا ہے، مجھے پتہ نہیں سندھ میں کیا ہو رہا ہے، مگر جو بلوچستان میں انہوں نے پروجیکٹ ڈائریکٹر رکھا ہے اس نے دکان داری کھولی ہے۔ ایک بوری پر ایک ہزار روپیہ رشوت لے رہا ہے۔ وہاں پر ہمارے کسانوں کا خون چوس رہے ہیں۔ ان سے وہ ریٹ نہیں لے رہے۔ ان سے 3200 روپے کا خرید رہے ہیں۔ وہاں انہوں نے اپنے ایجنٹ کھڑے کئے ہیں اور گورنمنٹ کو 3900 روپے کا دے رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! وہاں پر اربوں روپے کی کرپشن ہو رہی ہے۔ وہاں کا پراجیکٹ ڈائریکٹر بولتا ہے کہ میں کیا کروں۔ میں یہاں سے لے کر اسلام آباد تک پیسے پہنچاتا ہوں۔ جناب چیئرمین! میں نے خود پانچ سو روپے دے کر بوریاں لی ہیں کہ آپ مجھے یہ دے دیں۔ جناب چیئرمین! اس پر آپ رولنگ دیں۔ میں آپ کو حلفیہ کہتا ہوں کہ 80ارب روپے کی کرپشن ہو رہی ہے۔ ان کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کو تیار نہیں۔ مجھے تو حیرانگی ہے کہ ہماری تو کمیٹیاں بھی نہیں ہیں۔ ہم کس کو شکایت کریں۔ جب اسٹینڈنگ کمیٹیاں موجود ہوں تو ہم ان کے پاس جا کر ان کرپٹ لوگوں کو بلاتے ہیں۔ اب ہمیں آپ سے یہ امید ہے کہ ان غریب کسانوں کے لیے آپ کچھ کریں گے۔ بہت بڑے زمینداروں کو یا ان کے ایجنٹوں کو بوریاں دی جا رہی ہیں اور ان سے سرکاری ریٹ پر گندم خریدی جا رہی ہے۔ بیچارے جو کسان ہیں وہ دربدر ہیں اور خوار ہو رہے ہیں۔ ان کی مدد کے لیے کوئی بھی تیار نہیں ہے۔ قرض کے ان 275ارب روپے پر جو سود دیا جائے گا وہ پاکستان میں جو ٹیکس وصول کیا جاتا ہے ان سے کاٹا جائے گا اور یہ خون آشام درندے اپنی جیبیں بھریں گے۔ غریبوں کو کچھ بھی نہیں ملے گا۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ اس پر آپ آج رولنگ دیں اور

Minister for Food Security کو بلائیں جو کہ ہمیں بتائیں کہ اس طرح دھندہ پاکستان میں کیوں ہو رہا ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں پہلے منسٹر صاحب کو سنوں گا تو پھر رولنگ دوں گا۔ جان محمد صاحب۔

**<u>Point of Public Importance raised by Senator Jan Muhammad regarding lack of funds for universities and the flood situation in Balochistan</u>**

سینیٹر جان محمد: جناب چیئرمین! آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے وقت دے دیا۔ میرے پاس ایک دو issues ہیں۔ بڑے issues نہیں ہیں لیکن ان سے پہلے میں ایک سیاسی بات کرنا چاہتا ہوں۔ دیکھیں اس میں دو رائے نہیں ہے کہ ہمارا الیکشن کمیشن صاف و شفاف انتخابات میں ناکام ہوا۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے۔ یہ تاریخ کا بدترین الیکشن ثابت ہوا۔ میرے خیال میں انتخابی اصلاحات کی مزید ضرورت ہے تاکہ آئندہ ان چیزوں کو روکا جا سکے۔ رہی بات پارلیمنٹ کی بالادستی کی، قانون کی حکمرانی کی اور جمہوری استحکام کی تو ہمارے اکابرین نے جو one man one vote کا نعرہ دیا تو آج ہم آ کر اس ایوان میں بیٹھے ہیں۔ یہ اسمبلیاں اور ایوان ہمیں بڑی طویل جدوجہد کے بعد ملی ہیں۔ آج جس شخص کے بارے میں یہاں پر بات ہوئی اور ان کے آباواجداد کے بارے میں بات ہوئی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ NAP کی تحریک ہے اور ان کی بڑی قربانیاں ہیں۔ انہوں نے کافی شہادتیں اور جیلیں کاٹیں جس کے بعد آ کر ہم نے one man one vote کے ذریعے انتخابات کیے، صوبے بنائے ہیں اور آج ہم اس ایوان میں بیٹھے ہیں جس کی آج آپ صدارت کر رہے ہیں۔ یہ balanced ادارے ہیں، یہ نہیں کہ ان کے اختیارات نہیں ہیں۔ سینیٹ کے اپنے اور قومی اسمبلی کے اپنے اختیارات ہیں۔ صوبائی اسمبلیوں کے اپنے اختیارات ہیں۔ یہ ایک بڑا balanced system ہے۔ ہمیں اس balanced system کو قانون کے دائرے میں لا کر اس پر implement کرانے کی ضرورت ہے۔ جہاں پر مشکلات ہیں وہاں تھوڑا بہت ہم قانون سے تجاوز کرتے ہیں اور ماورائے قانون اقدامات کرتے ہیں جن کی وجہ سے ہمیں مشکلات ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین! میرا چھوٹا سا issue ہے۔ وہ صرف یہ ہے کہ بلوچستان میں 12 یونیورسٹیاں ہیں۔ ان یونیورسٹیوں کے campuses 9 ہیں۔ اس وقت تمام یونیورسٹیاں

احتجاج پر ہیں۔ بچوں کو پڑھا نہیں رہے ہیں۔ ان کو چار مہینوں سے تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں۔ یہ میرا بنیادی مسئلہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو ہمیں address کرنے کی ضرورت ہے۔ HEC سے جو پیسے بلوچستان کو ملنے ہیں، جو ہمارا حصہ بنتا ہے اس حصے کا آدھا حصہ بھی ہمیں نہیں دیا جاتا ہے۔ یہاں پر تقسیم دولت کا ایک بڑا clear formula ہے۔ ہم دولت کو NFC کے ذریعے تقسیم کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ہر ادارے میں جہاں پر funds involve ہیں تو ہمیں اس کو follow کرنا چاہیے۔ اگر اس کو ہم follow کریں اور بلوچستان کے تعلیمی اداروں کو جو کہ اس وقت بند پڑے ہیں اور ہمارے بچے نہیں پڑھ رہے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ اس ملک کو بہتر تب کیا جا سکتا ہے کہ عوام کو تعلیم ملے۔ تعلیم سے ہی ہمارا ملک ترقی کرے گا۔ اگر ہمارے تعلیمی ادارے بند ہوں گے اور ہمارے بچے نہیں پڑھیں گے تو ہم ان کو کیا سبق دینا چاہتے ہیں۔ ہماری صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت کو ان معاملات پر فوری طور پر ایکشن لینے کی ضرورت ہے۔ وفاقی اردو کالج جو کراچی میں قائم ہے ان کے بچے بھی چار مہینوں سے ہڑتال پر ہیں۔ ان کو بھی چار مہینوں سے تنخواہیں نہیں مل رہی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اہم مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین! میرا دوسرا مسئلہ منظور کاکڑ صاحب نے بتایا تھا۔ دیکھیں، flood دو سال پہلے آیا تھا۔ اس flood پر ملکی اور بین الاقوامی سطح پر بڑی collections بھی ہوئیں۔ آج تک وہ فنڈز استعمال نہیں ہوئے۔ بلوچستان میں ایک پراجیکٹ پر کام نہیں ہوا۔ حالیہ سیلاب نے تو مزید صورت حال خراب کر دی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے یہ دو بڑے مسائل ہیں۔ ان پر آپ کوئی رولنگ دیں یا حکومتی سطح پر ان پر اقدامات کریں گے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: پونجو بھیل صاحب۔

## Senator Poonjo Bheel

سینیٹر پونجو: شکریہ، جناب چیئرمین۔ سب سے پہلے تو میں آپ کو بہت بہت مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ آپ اس ایوان بالا کے چیئرمین منتخب ہوئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں آج اس ایوان میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں۔ بھگوان کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے یہ مقام دلوایا۔ میں اپنے اس کسان والدہ اور کسان والد کو بھول نہیں سکتا جنہوں نے اپنی بھوک اور افلاس میں مجھے اعلیٰ تعلیم دلوائی اور آج میں اس تعلیم کی وجہ سے اس ایوان بالا کا رکن ہوں۔ میں اپنے چیئرمین،

بلاول بھٹو زرداری، آصف علی زرداری اور محترمہ فریال تالپور کا نہایت ہی شکر گزار ہوں جنہوں نے اس قبیلے سے میرا چناؤ کیا جو مزدور، کسان اور غریب لوگ ہیں۔ مجھے بھیل قبیلے سے صوبہ سندھ کے پڑھے لکھے اور زمیندار ممبران نے 117 وٹوں سے پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ایوان بالا کا ممبر بنوایا ہے میں اس پر اپنی قیادت کا نہایت شکر گزار ہوں۔

جناب چیئرمین! یہ اپریل کا مہینہ ہے اور اس دن جب آپ چیئرمین منتخب ہوئے تھے تو میں دیکھ رہا تھا جس انداز سے آپ بات کر رہے تھے۔ آپ بہت گھٹن کی وجہ سے اپنے خیالات کا صحیح اظہار نہیں کر رہے تھے جب آپ شہید ذوالفقار علی بھٹو کا ذکر کر رہے تھے۔ اسی اپریل کے مہینے میں شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو کو شہید کیا گیا تھا۔ ہم 45 سال تک گاؤں گاؤں اور گلی گلی میں دیکھتے رہے کہ کہیں نہ کہیں بھٹو آئے گا کیونکہ اس طریقے سے ان کو پھانسی دی گئی تھی کہ اگر لوگ اس زمانے میں نکلتے تو شاید یہ پاکستان موجود ہی نہ ہوتا لیکن پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے اس کے باوجود بھی یہ تعین کیا اور یہ سوچا کہ اپنے عظیم قائد کی قربانی دینے کے بعد، ہم یہ ضرور کوشش کریں گے کہ اپنی اختلافی رائے اور اپنے غصے کو عوام کی طاقت سے نکالیں گے۔ وہی ہوا، آج پینتالیس سالوں کے بعد یہ فیصلہ آیا کہ شہید عوام ذوالفقار علی بھٹو بے قصور تھے اور ان کو پھانسی دی گئی تھی۔ ہم بھٹو کہاں ڈھونڈیں؟ وہ بھٹو جس کا آپ نے پینتالیس سال پہلے murder کر دیا، جس کا ویژن تھا، جس نے یہ ایٹمی طاقت دی، اسٹیل ملز بنائی، فیصل آباد یونیورسٹی بنائی، پاکستان کا آئین دیا، پاکستان کے اس مسودے میں ہم تمام طبقوں کے لوگوں کو حقوق دیے، ہم وہ بھٹو کہاں سے لائیں؟ آج ہم پھر اس لیے بھی شکر گزار ہیں کہ تھوڑے فاصلے پر صدرِ پاکستان، آصف علی زرداری صاحب نے اسی زمانے میں اس کیس کو restore کیا اور آج ان عدالتوں سے ہمیں یہ فیصلہ ملا لیکن ہم کہتے ہیں کہ آئیں پاکستان میں وہ فیصلہ عدالتیں کریں۔ آج ان میں سے کچھ جج صاحبان تو دنیا میں موجود نہیں، ان کو شرمندہ ہونا چاہیے لیکن بھٹو آج بھی زندہ ہے، بھٹو کا نظریہ آج بھی زندہ ہے اور بھٹو کے لیے آج بھی لوگ بات کر رہے ہیں۔

جناب! میرا تعلق جس community سے ہے، pre-partition اس سے بہت نفرت کی جاتی تھی۔ یہاں کی راجدھانی کے مالک برہمن ہوتے تھے، جو کہ راجپوت ہوتے تھے، انہوں نے تو ہمارے برتن بھی الگ کر دیے تھے۔ انہوں نے تو ہمارے لیے اسکولز بھی الگ بنا رکھے تھے اور

ہمیں اس نفرت میں دھکیل کر رکھا تھا لیکن جب پاکستان بننے جارہا تھا تو ہمارے بڑوں نے، ہمارے آباؤاجداد نے پاکستان کا ساتھ دیا، قائداعظم محمد علی کا ساتھ دیا اور ہم نے کہا کہ پاکستان جو بن رہا ہے، اس میں ہمیں تمام حقوق ملیں گے۔ اس نیت کے ساتھ آج بھی ہم یہاں ہیں۔ آپ آکر دیکھیں کہ برصغیر میں جو علاقے ہیں، تھرپارکر کے desert کے علاقے میں، وہاں یہ لوگ آج بھی بس رہے ہیں۔ آج بھی جب 14 اگست کا دن آتا ہے تو وہ پاکستان کا جھنڈا اٹھا کر لہراتے ہیں کیونکہ انہیں مکمل یقین ہے کہ ہمیں اپنے حقوق پاکستان میں ہی ملیں گے۔ اس نظریے کے تحت ہمارے لوگوں میں سے کسی نے بھی migration نہیں کی۔ ہم یہاں موجود ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جو سوچ ہے، ان کا جو وژن ہے، اس کے تحت ہمیں اپنے حقوق ملیں گے۔ وہ تمام حقوق جو پاکستان کے آئین میں جو رکھے گئے ہیں، وہ تمام حقوق ہمیں ملیں گے۔ میں ایک بار پھر اپنی قیادت کا بہت شکر گزار ہوں جس نے ہمیں اس ایوان بالا میں منتخب کروایا۔ جیے بھٹو۔

جناب چیئرمین: تاج حیدر صاحب! آپ بات کرنا چاہ رہے تھے۔

## Point of public importance raised by Senator Taj Haider regarding demolition of Islamabad Tennis Club by the CDA

سینیٹر تاج حیدر: جناب عالی! بہت بہت شکریہ۔ ایک اہم معاملے کی طرف میں ایوان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ میں ذاتی پیغامات کے ذریعے آپ کو اطلاع دیتا رہا ہوں کہ کس طرح یہاں شاہراہِ اتاترک پر واقع اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کو رات کی تاریکی میں سی۔ڈی۔اے کے لوگوں نے آکر ڈھادیا اور اس کے اوپر bulldozers چلائے۔ یہ کمپلیکس تیس سال سے ایک sublease اور agreement کے تحت قائم تھا۔ دس سال سے ہم یہاں شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی یاد میں international tournaments کروارہے تھے۔ اٹھائیس اٹھائیس ملکوں کے کھلاڑی آکر اس ٹورنامنٹ میں کھیلے، انٹرنیشنل ٹینس فیڈریشن اس کو recognize کرتی تھی اور ان کے نمائندے یہاں بیٹھتے تھے۔ بغیر کسی خط کے اور بغیر کسی objection کے، عدالت کے stay orders کے باوجود، رات کی تاریکی میں سی۔ڈی۔اے کے لوگ آئے اور انہوں نے وہاں پر کوئی چیز باقی نہیں چھوڑی۔

جناب عالی! یہ agreement وزارت داخلہ اور اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے درمیان تھااور جیساکہ میں نے عرض کیا، تیس سال سے تھا۔آخر کیاایسی ایمرجنسی ہوئی کہ stay order کے باوجود اس کو توڑاگیا۔ حکومت سندھ اس ٹورنامنٹ کے لیے ہر سال لاکھوں روپے sponsor کرتی ہے۔ جو پچھلا ٹورنامنٹ ہوا تھا، نواں ٹورنامنٹ، اس کے لیے بھی پینتالیس لاکھ روپے حکومت سندھ کے اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے دیے تھے۔ لوگوں نے سندھ میں شکایتیں کیں، مجھ سے کہاکہ تاج حیدر صاحب! آپ پاکستان کا سب سے بڑاٹورنامنٹ کرواتے ہیں، اس کو اسلام آباد میں کرواتے ہیں، آخر کراچی، حیدرآباد یا سکھر میں کیوں نہیں ہوسکتا۔ میرا جواب یہی تھا کہ بے نظیر بھٹو شہید چاروں صوبوں کی زنجیر تھیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی فیڈریشن کو مضبوط دیکھنا چاہتی ہے اور اس لیے ان یاد میں ٹورنامنٹ ہم فیڈریشن کے اندر کروانا چاہتے ہیں تاکہ ہم فیڈریشن کو مضبوط کرسکیں۔

جناب عالی! یہ تمام چیزیں اپنی جگہ اور ہماری تمام کوششیں اور حکومت سندھ کی تمام کوششیں اپنی جگہ لیکن جو رویہ یہاں پر روا رکھا جارہا ہے سندھی بولنے والے لوگوں کے ساتھ اور سندھ سے تعلق رکھنے والوں کے ساتھ ، وہ انتہائی افسوسناک ہے اور اس پر حیرت ہوتی ہے۔ صرف اس وجہ سے کہ پاکستان کا سب سے بڑاٹورنامنٹ ہم بی بی شہید کے نام پر کروارہے تھے، انہوں نے اس جگہ کو اجاڑ دیا، اس جگہ کو ختم کردیا گیااور جس کو ٹھیک کرنے میں بہت لمباعرصہ لگے گا۔ Stay order موجود ہے لیکن اس کو ٹھیک کرنے میں اب کتنے سال لگیں گے؟ میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل، سندھ سے تعلق رکھنے والے افسر آئے، جناب شعیب کھوسو، ان پر جھوٹا الزام لگایا گیا اور ان کو الگ کیا گیا۔ وہ اس وقت عدالت میں اپنا کیس لے کر گئے ہیں۔ سندھ سے تعلق رکھنے والے مزید دوافسران جو پاکستان اسپورٹس بورڈ میں تھے، ان کا جس طرح یہاں اکثر ہوتا ہے کہ ایک افسر کا دوسری جگہ تقرر کردیا جاتا ہے۔ وہ کام کررہے تھے جبکہ دو لائنوں کا خط لکھ کر ان کو کہاگیا کہ آپ کی ضرورت نہیں ہے، آپ واپس جائیں۔ اب یہ جو طریقہ کار ہے سندھ کے لوگوں کے ساتھ ، میں سمجھتا ہوں کہ انتہائی قابل اعتراض ہے۔ یہ فیڈریشن کو مضبوط نہیں کرتا بلکہ کمزور کرتا ہے۔

جناب عالی! میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس معاملے کو کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ ہمیں ایک initial report بنا کر دی گئی ہے جس کے اندر جھوٹ ہی جھوٹ ہیں، جس کے اندر

کوئی چیز سچی نہیں ہے۔ جس کے اندر یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہم نئے نام سے اور جو نام آپ چاہیں گے، اس نام سے ایک ادارہ بنائیں گے۔ جو نام ہے شہید بے نظیر بھٹو کا، اسے اس چیز کی ضرورت نہیں ہے کہ ظلم کرنے والے ان کے نام سے کوئی ادارہ بنائیں۔ وہ نام رہتی دنیا تک زندہ رہے گا۔ جب تک سورج چاند رہے گا، بھٹو تیرا نام رہے گا لیکن سندھ سے تعلق رکھنے والوں کے ساتھ جو سلوک ہو رہا ہے، میں اس پر احتجاج کرتا ہوں۔ میں اپنے تمام دوستوں سے کہتا ہوں (سندھی الفاظ)۔ ہم سندھ کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں، ہم فیڈریشن کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اس ملک کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ آپ ہماری خدمت پر بھی ناراض ہوتے ہیں۔ میں آپ سے گزارش کروں گا، ہر چند کہ ابھی مجالس قائمہ نہیں بنی ہیں لیکن آپ ruling دیں، چند دن میں یہ بھی بن جائے گا کہ سینیٹ کی مجلس قائمہ اس معاملے کو take up کرے اور دیکھے کہ کس نے ظلم کیا ہے، کس نے زیادتی کی ہے۔ اس سلسلے میں کوئی احکامات، سینیٹ کی طرف سے دیے جائیں۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس معاملے کو آپ مجلس قائمہ کے سپرد کریں تاکہ جو جھوٹ پھیلایا جا رہا ہے اور جو ظلم کیا جا رہا ہے، اس کا خاتمہ کیا جا سکے۔ میں جناب کا شکر گزار ہوں۔

Mr. Chairman: Minister for Law and Justice.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ سینیٹر تاج حیدر صاحب ہمارے لیے بڑے محترم ہیں اور بلاشبہ اس ایوان کا سرمایہ ہیں۔ وہ ہمیشہ بڑی نپی تلی بات کرتے ہیں۔ یہ ایشو جب پر میرے نوٹس میں آیا، مجھے سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب نے message بھیجا، پھر میری سینیٹر تاج حیدر صاحب سے بات ہوئی، چونکہ ICT کے معاملات کو وزیر داخلہ، سینیٹر محسن نقوی صاحب دیکھتے ہیں تو میں نے ان سے بات کی۔ وہ بھی اس ایوان کے رکن ہیں۔ Then, immediately, I reverted back to Senator Taj Haider with the material whatever they sent. اس کے مطابق انہوں نے کہا کہ چونکہ یہ ایک پبلک پارک ہے، open to all ہے، اس میں اینٹوں کی جو دیواریں تھیں، کوئی bifurcation تھی، وہ ہم نے ہٹوائی ہے۔ اس کے علاوہ وہاں جو کمرے قائم کر لیے گئے تھے ماسٹر پلان کے against انہیں توڑا گیا ہے اور ٹینس کورٹ کو کچھ نہیں کیا۔ بہر کیف، یہ ایک factual چیز ہے۔ جو ان کی تجویز ہے، کمیٹیاں آ جائیں گی لیکن میری یہ استدعا ہوگی کہ by the time the Committees are constituted, if the honourable Chairman exercising all

the powers in which the powers of the Committees also rest with him, he can take it up with Minister of Interior.

اس طرح یہ مسئلہ ایک زیادہ بہتر طریقے سے حل ہو سکتا ہے۔

Mr. Chairman: We will refer it to the Standing Committee concerned once it is formed.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! جب تک کمیٹیاں بن جائیں لیکن meanwhile اگر فوری طور پر چیزیں ٹھیک ہونے والی ہیں تو آپ ضرور ٹھیک کریں۔ جب میں نے ان سے ٹورنامنٹ کی نسبت بات کی تو انہوں نے بڑی تکلیف کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ نہ ان کی intention تھی، ہے اور نہ ہوگی۔ .This is what he conveyed to me سینیٹر تاج حیدر صاحب سے میری دوسری عرض یہ ہوگی کہ یہ House of the Federation ہے لیکن ہم وفاقی حکومت کا حصہ ہیں اور وفاقی حکومت ملک کی تمام اکائیوں کی حکومت ہے۔ خدارا یہ impression بھی ذہن میں نہ لائیں کہ کسی ایک قومیت یا صوبے کے حوالے سے وفاقی حکومت میں کوئی تعصب ہے۔ میں وفاقی حکومت کے behalf پر ان کی بڑی عزت و قدر کرتا ہوں لیکن میں یہ explanation دینا چاہتا ہوں کہ ہم دارالخلافہ میں وفاق کو represent کرتے ہیں اور وفاق کی تمام اکائیاں وفاقی حکومت کے لئے اتنی ہی محترم ہیں جتنی دوسری اکائیاں ہیں۔ ہم سب بھائی ہیں جنہوں نے مل کر یہ وفاق قائم کیا ہے۔ ہر بھائی کی عزت و تکریم ہمیں مکرم و محترم ہے لہٰذا اس طرح کا کوئی بھی impression ذہن میں نہیں آنا چاہیے۔ میں ادب سے گزارش کروں گا کہ جو issue آپ نے اٹھایا ہے، اس حوالے سے جو further assistance چاہیے، ہم حاضر ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں یہ عرض کردوں کہ سینیٹر تاج حیدر صاحب سے یہ چیز discuss کرنے کے بعد میں نے سارا material ان کے اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا، جو Chief Whip ہیں، دونوں کے موبائل نمبر پر بھی بھیجا۔ یہ میرے موبائل ریکارڈ میں ہوگا۔ میں نے ان کی دو ,initial reports تصویریں اور reply آپ کے ساتھ بھی share کیے تھے۔

جناب چیئرمین: انہیں سینیٹر تاج حیدر صاحب کے ساتھ بھی share کریں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی میں ابھی کر دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر تاج حیدر صاحب! آپ وزیر صاحب کا text پڑھ لیں اور پھر سلیم مانڈوی والا صاحب سے بھی مل لیں۔ جی سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

## Point of Public Importance raised by Senator Khalida Ateeb regarding continuous worsening law and order situation in Karachi

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ، جناب چیئرمین! جیسے کہ ایوان کے تمام ممبران نے آپ کو مبارک باد دی، میں بھی آپ کو اس کرسی پر براجمان ہونے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ جیسے پہلے چیئرمین صاحب سب کو ساتھ ملا کر چلتے تھے، مجھے یقین ہے کہ آپ بھی اس روایت کو قائم رکھیں گے اور یہ ایوان آپ کی سربراہی میں اپنے وقار کو برقرار رکھے گا ان شاءاللہ۔ میں جس خاص issue کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ کراچی کے حوالے سے ہے۔ کراچی میں جو law and order کی situation ہے، وہ سب کے سامنے ہے۔ جگہ، جگہ لوٹ مار مچی ہوئی ہے۔ شہری غیر محفوظ ہیں۔ موبائل فون چھینے جارہے ہیں، گاڑیوں کی batteries نکالی جارہی ہیں اور موٹر سائیکلیں بھی چھینی جارہی ہیں۔سب کو معلوم ہے کہ وہ چھینے ہوئے موبائل کس جگہ پر بیچے جاتے ہیں۔ وہ ایک پوری مارکیٹ ہے جہاں اربوں روپے کا کاروبار ہو رہا ہے۔ اسی طرح جو موٹر سائیکلیں چھینی جاتی ہیں، ان کے parts پھر کہاں بیچے جاتے ہیں، یہ بھی سب کو معلوم ہے۔ سندھ حکومت یہ کہتی ہے کہ یہ routine کا معاملہ ہے اور اسے اس طرح highlight نہیں کیا جائے۔ 15سال سے سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے۔ اگر یہ routine کی کارروائیاں ہیں تو ان پر پچھلے 15سالوں میں کیوں قابو نہیں پایا گیا۔ میں آپ کو ابھی ایک recent واقعہ سناتی ہوں۔ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی مرکزی کمیٹی ممبر رخشندہ باجی اپنے پرس اور کچھ فائلوں کے ساتھ اپنے آفس کے قریب سے گزر رہی تھیں۔ان سے پرس چھیننے کی کوشش کی گئی۔انہوں نے resist کیا اور پھر انہیں اس شدت سے دھکا دیا گیا کہ وہ گر گئیں اور footpath پر لگا ہوا پتھر ان کے سر پر لگا۔ وہ بے ہوش ہو گئیں اور اسی بے ہوشی کی حالت میں کچھ گھنٹوں بعد ان کی موت واقع ہو گئی۔

جناب! ہماری دوسری کمیٹی ممبر شاہینہ سہیل اپنے گھر کے قریب بیکری سے سامان خرید کر لارہی تھیں۔ ان سے بھی پرس چھیننے کی کوشش کی گئی۔ ان کو شدت کے ساتھ دھکا دیا گیا اور پھر ان کے سر پر ایک پتھر مارا گیا جس کی وجہ سے ان کے سر میں چھ ٹانکے آئے لیکن الحمدللہ انہیں کوئی اور جانی نقصان نہیں ہوا۔ آپ اس بات سے اندازہ لگائیں کہ پچھلے تین ماہ میں 60 سے زیادہ شہری اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ کیا یہ alarming بات نہیں ہے؟ کیا اس پر سندھ حکومت، آئی جی پولیس اور وزیر داخلہ کو کوئی step نہیں لینا چاہیے؟ میری دردمندانہ گزارش ہے کہ اگر کراچی کے شہری اپنی حفاظت کے لئے کوئی عملی اقدامات اٹھاتے ہیں تو پھر کسی کو کسی بھی قسم کا اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ اس سے پہلے چوکیداری کا نظام تھا۔ Barriers لگائے گئے تھے جس سے ان واقعات میں بہت زیادہ کمی واقع ہوئی تھی۔ ہماری پارٹی یہ چاہتی ہے کہ ان واقعات پر قابو پایا جائے لیکن اگر معاملات اسی طرح چلتے رہے تو پھر کوئی بھی فیصلہ کرنے میں ہم عوام کے ساتھ ہوں گے۔ عوام نے نہ صرف ہمیں mandate دیا ہے بلکہ ان کی جان و مال کی حفاظت ان MNAs کی ذمہ داری بنتی ہے جن کے ووٹوں سے وہ ان ایوانوں میں پہنچے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری صاحب کا تعلق بھی سندھ سے ہے۔ میری ان سے ذاتی طور پر گزارش ہے کہ وہ اس معاملے میں ذاتی دلچسپی لیں اور بہت بہترین قسم کے ایسے اقدامات اٹھائیں جن سے عوام کو اپنے جانی و مالی تحفظ کا احساس ہو۔ وزیروں کے یہ بیانات جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں کہ یہ routine کا کام ہے۔ اس حوالے سے میں ایک شعر پڑھوں گی۔

تو ادھر ادھر کی نہ بات کر، یہ بتا کہ قافلہ کیوں لٹا
مجھے رہزنوں سے گلہ نہیں، تیری رہبری کا سوال ہے

شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو! میں 7 بجے تک اجلاس چلاؤں گا، دو، تین سینیٹر صاحبان بات کر سکتے ہیں۔ جی سینیٹر عون عباس۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو! یہاں چھوٹے بڑے کی بات نہیں۔

I cannot give everybody the chance to speak at one time. All roads lead to Multan. Yes, Senator Aon Abbas

**Point of Public Importance raised by Senator Aon Abbas regarding low purchasing target of wheat set by Government of the Punjab despite bumper crop**

سینیٹر عون عباس: شکریہ، جناب چیئر مین! آپ کا جو era رہا ہے، اس میں 1990 کی دہائی میں آپ سپیکر، قومی اسمبلی رہے۔ وہ ایک golden era تھا۔ اس وقت کی روایات لوگوں کو آج تک سنائی دیتی ہیں. and I must appreciate that all. آج صبح جب میں آیا تو جیسے سینیٹر سید شبلی فراز صاحب نے آپ سے request کی تھی، میرے بھی ذہن میں تھا کہ سب سے پہلے آپ کے پاس آکر سینیٹر محمد اعجاز چوہدری کے production orders کے متعلق آپ سے request کروں۔ hope ا کہ آپ ان روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ان کے production orders ضرور جاری کریں گے۔ مجھے ابھی پتہ چلا کہ Parliament Lodges میں جو میرا side room ہے، وہ ڈپٹی چیئر مین صاحب نے سینیٹر پرویز رشید صاحب کو allot کیا ہے۔ اس کے بعد میں ڈپٹی چیئر مین صاحب کے پاس پہنچا اور اپنے suite اور تین گاڑیوں کی چابیاں بھی ان کو پیش کردیں کہ شاید وہ بھی ن لیگ کے کسی ساتھی یا سینیٹر پرویز رشید صاحب کو چاہیے ہوں۔ ڈپٹی چیئر مین صاحب نے کہا کہ چیئر مین صاحب خود کمرے allot کررہے ہیں۔ سینیٹر اعجاز چوہدری کے production orders جاری کئے جاتے ہیں یا نہیں لیکن Parliament Lodges سے ہمارے کمرے واپس نہیں لیے جائیں۔ جو رواداری کی روایات ہیں، انہیں ضرور برقرار رکھیے گا۔

جناب! میں نے جو issue discuss کرنا ہے، اس متعلق میں نے adjournment motion بھی جمع کروایا ہے، وہ کسانوں کے متعلق ہے۔ آپ کے knowledge میں ہوگا کہ پاکستان میں تقریباً سالانہ ایک کروڑ تیس لاکھ گندم پیدا ہوتی ہے۔ اس دفعہ production تھوڑی زیادہ ہے کیونکہ موسم بہت اچھا رہا ہے۔ گورنمنٹ آف پنجاب نے اس سال 20 لاکھ ٹن گندم خریدنے کا target رکھا ہے یعنی ایک کروڑ تیس لاکھ ٹن میں سے گورنمنٹ آف پنجاب صرف 20 لاکھ ٹن گندم خریدے گی۔ اس میں ایک چھوٹا سا technical issue آیا ہے۔ یہ technical issue پچھلے نگران سیٹ اپ کو جاتا ہے۔ ہوا یہ کہ انہوں نے پچھلے سال 60 لاکھ ٹن گندم خریدی اور خریدنے کے بعد نگران setup میں اچانک کسی ایک

دن کوئی بہت ارسطو بیٹھا تھا، اس نے یوکرین سے گندم منگوانے کی اجازت دی، that person has to be identified. پچھلے چھ ماہ میں 31 لاکھ ٹن گندم یوکرین سے پاکستان آ گئی۔ اس کا کراچی میں lending rate 3,100 per mound تھا۔ وہ پنجاب میں آ کر 44,00, 4500 روپے فی من میں بکتی ہے۔ Somebody made a money of 1300 سے 1400 فی من کے حساب سے پیسا بنالیا۔ اس سے یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ پنجاب یا پاکستان کے عام انسان نے یوکرین کے کسان کی 31 لاکھ ٹن گندم کھائی اور پنجاب کی چالیس لاکھ ٹن گندم ویسے کی ویسے گوداموں میں پڑی رہی کیونکہ انہوں نے اس کا rate 4600 فی من رکھ دیا تاکہ کوئی مل والا اسے خرید نہ سکے۔ ہوا یہ کہ اس وقت پنجاب میں پچھلے سال کی چالیس لاکھ ٹن گندم پڑی ہے، اگلی گندم بھی آ چکی ہے اور حکومت نے کہا ہے کہ وہ بیس لاکھ ٹن 3900 روپے فی من خریدے گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ صرف چھ ایکڑ کے زمیندار سے چھ بوریاں خریدیں گے، باقی ساری گندم رلتی رہے گی۔

جناب! آپ کو معلوم ہے کہ موسم بڑا خطرناک ہے، مسلسل بارشیں ہو رہی ہیں۔ پچھلے ایک ماہ سے زمیندار اپنی گندم لے کر اس وقت پریشانی میں بیٹھا ہوا ہے اور کوئی گندم خریدنے والا نہیں ہے۔ بزدار حکومت پر لوگ بہت زیادہ تنقید کرتے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ لوگ ہم سے سفارشیں کروانے آتے تھے کہ اجازت دیں، یہ گندم ہم شہر سے باہر یہاں کسی کو بیچ سکیں کیونکہ پرائیویٹ مارکیٹ کا نرخ زیادہ تھا اور حکومت کا نرخ کم ہوتا تھا۔ آج مجھے اپنی حکومت پر فخر ہے کہ اُس وقت پہلی حکومت آپ کی تھی جس نے 600 سے 1300 کیا تھا۔ 1300 سے 4000 ہماری بزدار حکومت نے کیا تھا لیکن آج کسان کی گندم لینے والا کوئی ہے نہیں۔ سننے میں یہ آیا ہے کہ total target صرف پانچ لاکھ ٹن ہے۔ جناب! ایک کروڑ تیس لاکھ میں سے اگر پانچ لاکھ ٹن خریدیں گے تو ایک کروڑ پچیس لاکھ 2500 روپے سے اوپر زیادہ نہیں بک سکتی۔ میں آپ کو آج بتا دوں کہ اگر اس سال زمیندار کے ساتھ یہ حال ہو گیا تو اگلے سال زمیندار گندم کاشت نہیں کرے گا۔ آپ کو پھر گندم درآمد کرنی پڑے گی۔

جس ارسطو نے ان لوگوں سے یہ فیصلہ کروایا کہ آپ یوکرین سے گندم منگوائیں، اس نے بنیادی طور پر تین سال کا ایک vicious circle بنا دیا کہ اگلے سال جب shortage آئے گی تو میں پھر درآمد کروں گا، پھر 1400 فی من منافع کماؤں گا۔ اسی طرح یہ کسان پستا رہے گا۔ جناب!

پاکستان میں اگر کسی کے ساتھ ظلم ہوا ہے تو وہ پاکستان کا کسان ہے۔ کراچی سے لے کر پشاور تک ہر ایک ایکڑ میں ایک دو، چار کسان بستے ہیں، اتنے یہاں صنعت کار یا دکاندار یا service area نہیں جتنے کسان بستے ہیں۔ اس پالیسی سے یہ لگتا ہے، اس وقت جو ہماری موجودہ حکومت ہے، ان کو ان تمام علاقوں سے ووٹ نہیں پڑا۔ میں سندھ کی بات نہیں کر سکتا، میں پنجاب کی بات کر سکتا ہوں۔ ان کو علاقوں سے ووٹ نہیں پڑا تو شاید ان کو سبق سکھانا پڑے گا۔

اس حکومت نے 80 ارب روپے کا سستا آٹا رمضان میں دیا تھا جو انہوں نے 130 روپے فی کلو خریدا، آج بھی پنجاب کی منڈیوں میں 80 روپے میں وہ گندا بیسن ملا آٹا مل رہا ہے اور 80 ارب روپے ضائع ہو گئے۔ اس وقت اگر آپ نے اپنے والد کی تصویر اس پر لگادی تھی، ہمیں کوئی اعتراض نہیں، آپ کو مینڈیٹ as you say کہ آپ کو مینڈیٹ ملا ہوگا۔ جناب! میری آپ سے درخواست ہے، آپ بے شک گندم کے باردانے پر بھی اپنے والد کی تصویر لگا لیجیے لیکن پھر آپ کو کسان کا وہ ایک ایک دانہ خریدنا پڑے گا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ آپ پولیس کی وردی پہن لیں، اس سے کم از کم کسان کا پیٹ نہیں بھرنے لگا۔ جناب! یہ وہ چیزیں ہیں جو اس وقت matter کرتی ہیں۔ یقین کریں کہ اس وقت جو پنجاب میں ہو رہا ہے، آپ کو اندازہ نہیں کہ جو ایک social capacity, capability چاہیے اس بارہ کروڑ عوام کو چلانے کے لیے، وہ total lack کر رہی ہے۔ اگر بات صرف پنجاب پولیس کی وردی پہننے پر آچکی ہو یا آٹے کی بوری پر تصویر لگانے پر آچکی ہے تو یقین کریں کہ کسان بد دعائیں کر رہا ہے۔

جناب! میری اس august forum اور آپ سے درخواست ہے کہ کم از کم Ministry of Food کو بلا کر ان سے پوچھیں تو صحیح کہ آپ کا اس سال کا target کتنا ہے۔ آپ 3900 روپے میں کتنی گندم خریدیں گے اور کتنی گندم اس سال بارش میں ہونی ہے ورنہ یقین کریں کہ اس وقت کسان سڑکوں پر آجائے گا۔ جناب! میں آپ کو پھر بتادوں کہ اگر کسان سڑکوں پر آیا تو پاکستان تحریک انصاف ان کے ساتھ سڑکوں پر ضرور آئے گی۔ میں اس لیے بتا رہا ہوں کہ اگر کسان نہیں بچے گا تو شاید پنجاب بھی نہ بچے اور پاکستان بھی۔ This is such an important issue. میری درخواست ہے کہ آپ سیکرٹری خوراک، وزیر برائے خوراک سے پوچھیں کہ صوبہ وار بتائیں۔ میں ایک اور چیز بتادوں، شاید سینیٹر دنیش نے یہ point raise

کیا تھا۔ پنجاب میں اگر وہ چھ لاکھ ٹن گندم خرید رہے ہیں، مارکیٹ میں یہ تین ہزار میں نہیں مل رہی ہے، 3900 روپے میں محکمہ خوراک خرید رہا ہے۔ یہ جو 900 کا margin ہے، اس کا بھی middleman محکمہ خوراک کے ساتھ مل کر، DCs کے ساتھ مل کر خود اپنی جیب میں ڈال رہا ہے تو practically speaking کہ کسی کسان کو 3900 روپے نہیں مل رہا۔ جناب! اس issue پر کوئی order pass کریں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Minister for Law.

**Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ مسئلہ کابینہ میں بھی at length discuss ہوا ہے۔ کل قومی اسمبلی میں یہ مسئلہ اٹھایا گیا تھا، اس سے پہلے بھی raise ہوا ہے اور اس پر میں نے جواب بھی دیا۔ میری کل خاص طور پر حکومت پنجاب اور ان کے ذمہ داران سے بات ہوئی۔ پچھلے سالوں کی نسبت ظاہر ہے کہ فصل زیادہ ہے اور market correction کی ضرورت اس حساب سے محسوس ہوئی ہے۔ اگر آپ پچھلے سالوں کی دیکھیں کہ جو خرید کی جاتی تھی، اس سے وہ تھوڑا کم خریدنا چاہ رہے ہیں، اس کی وجہ سے financial restraints ہیں۔ 680 ارب کا circular debt گندم کی خریداری سے over the years پنجاب حکومت کا آیا۔ اب وہ دن بدن swell کر رہا ہے۔ میرے بھائی نے بات کی کہ target بہت نیچے پھینک دیا گیا ہے۔ Procurement 3 and 3.5 million tons کے درمیان رہے، جو پچھلے سال ہوئی ہے۔ اس مرتبہ اسے revise کرکے 2 million کی حد تک لانے پنجاب حکومت کا فیصلہ ہے۔

مارکیٹ کی شروع کی جو صورت حال تھی، ایک مرتبہ chaos نظر آیا لیکن market with the passage of time settle ہوئی۔ جو rates انہوں نے کل share کیے تھے، وہ پنجاب کے اضلاع میں 3500 ,3400 کی range میں جا رہے ہیں اور support price 3900 ہے۔ So it has improved a lot پچھلے دو ہفتوں میں اور ان کا یہ خیال ہے کہ مارکیٹ اور بہتر ہو گی۔ جناب! ان چیزوں کو balance out کرکے انہوں نے بھی کرنا ہے۔ پاسکو کے ذریعے ایک محدود ٹارگٹ ہے، پنجاب کے کچھ اضلاع ہیں جو پاسکو کو سونپے گئے ہیں، وہ بھی اپنا کام جس حد تک ہو سکتا تھا کر رہے ہیں۔ بہر کیف، یہ ایک سنجیدہ مسئلہ ہے۔ اس پر نہ

کوئی سو رہا ہے اور نہ ہی کوئی لا تعلق ہے۔ کسان ہماری حکومت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، وہ ہماری معیشت کو آگے لے کر چلتے ہیں۔ گندم market پہلے بھی 80% ہے، پھر on floor of the House یہ کہہ رہاہوں کہ وفاق اور صوبوں کی procurement ملاکر total production کا20% بھی نہیں ہوتا، اس سے بھی less رہتی ہے۔ کم و بیش اس مرتبہ بھی procurement ان کی target میں ہے، اس میں کچھ percentage کافرق پڑاہے۔ باقی ساری گندم پہلے بھی open market میں trade ہوتی ہے۔ ہماری internal markets کھلی ہوئی ہیں، rates بھی کچھ settle ہو رہے ہیں۔ وفاقی اور پنجاب حکومتیں اس بارے میں آپس میں مشاورت میں بھی ہیں۔ ہم نے باقی صوبوں سے بھی بات کی ہے۔ میرے بھائی نے گندم کے support price کی بات کی۔ مجھے یاد ہے کہ جب یہ price 3900 روپے تک گئی۔ وفاقی حکومت نے اسے support کیاہے۔ یہ سندھ میں بھی ہوئی۔ پنجاب حکومت نے بھی اس وقت اس کو لیا۔ وہ زمیندار کی بہتری اور بھلائی کے لیے تھا۔ اس کی ایک slip side یہ تھی کہ آٹے کی قیمتیں آسمان پر گئیں، یہ بھی ایک fact of the matter ہے۔ میں خود ذمہ دار ہوں۔ میں نے سمجھا کہ شاید یہ نقصان دہ بات ہے لیکن وہ چیزیں بھی تو balance out کر دی ہیں۔ غریب آدمی نے آٹا بھی کھانا ہے، اس کی تو زندگی آٹے پر گزرتی ہے۔ ان ساری چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے کچھ balance out کرناپڑے گا جس کے لیے وزیر اعظم صاحب نے ایک Special Committee بھی constitute کی ہے،اس مسئلے کو daily basis پر دیکھناہے۔ وزیر برائے خوراک آج بھی قومی اسمبلی میں تھے،انہوں نے یہ ساری باتیں explain کیں۔ کل بھی وہ کر رہے تھے۔ پنجاب کے ساتھ بھی ہم رابطے میں ہیں۔ پنجاب سے آج rates کی reports آرہی تھیں، وہ 3400, 3500, میں ضلع وار بتا رہا ہوں۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please no cross-talk.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ضلع وار جو reports ہیں، ظاہر ہے کہ اس پر کچھ رکاوٹ ہوتی ہے، moisture content کا بھی مسئلہ ہے۔ اس مرتبہ موسم کی تبدیلی کی وجہ سے بارش زیادہ

ہوئی ہےاور ہلکی، تیز بارشیں بھی رہی ہیں۔ اس وقت 14% moisture content آرہاہے۔ان ساری چیزوں کاآپ کو پتاہے،آپ خود ذمیندار ہیں۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: کسی دن Minister for National Food Security brief کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: وزیراعظم پاکستان نے پہلے ہی کابینہ میں یہ معاملہ discuss کیاہے۔ اگر مجھے اجازت دیں۔آپ نے بات کردی۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: Please no cross-talk.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کابینہ میں یہ معاملہ آیا، take up کیاگیا۔ وزیراعظم پاکستان نے اس پر already inquiry کا بھی order کیاہے۔ انہوں نے کہاکہ پتا کرکے یہ بتایاجائے کہ کیوں ضرورت پیش آئی اور کیوں منگوائی گئی۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

جناب چیئرمین: سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب۔

**Senator Zamir Hussain Ghumro**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں آپ کو مبارک باد دوں گاآپ اس August House کے unopposed Chairman elect ہوئے ہیں اور آپ کو یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ آپ اس ملک کے elected Prime Minister اور نیشنل اسمبلی کے سپیکر بھی رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ نے یہاں پر جو شروعات کی ہے وہ بڑے احسن طریقے سے کی ہے۔ آج ایوان کاپہلا دن ہے، Oath کے بعد آپ نے پہلے جناب قائد حزب اختلاف کو موقع دیا اور بعد میں جناب قائد ایوان نے ایوان کو address کیا۔ اس ایوان میں جو بھی باتیں ہوئی میرے خیال سے یہ روایت ہمیشہ رہنی چاہیے اور اس کو احسن طریقے سے چلایا جائے۔ ایوان کا جو کام ہے، اکثر طور پر آئین کے بارے میں سمجھا جاتا ہے، لوگوں کے ذہن میں یہ ہے کہ ایوان کاکام صرف Law making ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہمارابنیادی کام Law making ہی ہے لیکن اس سے

بھی بڑی موجودہ situation میں ایوان کا جو important کام ہے، آئین کے Article-91 میں لکھا ہوا ہے کہ Federal Government shall be responsible to Parliament. جب بھی یہ حکومت پارلیمنٹ کو responsible نہیں ہوئی تو ملک میں issues ہوئے ہیں۔ آج اس ایوان میں جو مسئلے بیان کیے گئے without going into the details وہ وہی تھے جو بیان کیے گئے کہ ملک میں پارلیمنٹ کو حکومت کیسے جواب دہ رہی اور کیسے نہیں رہی ہے۔ آپ کو بھی تجربہ ہے کہ جب آپ کو بھی پارلیمنٹ کے بجائے کسی اور ادارے کو جواب دہ کرنے کی کوشش کی گئی اور آپ نے پاکستان پیپلز پارٹی سے اور پارلیمنٹ سے اپنی وفاداری نبھائی۔ مجھے آج بھی آپ کے الفاظ یاد ہیں جب آپ وزیر اعظم کے عہدے سے فارغ ہو کر گئے تھے اور آپ نے ملتان میں تقریر کی تھی کہ اے وطن کے لوگوں آپ کو یقین ہو کہ میں نے اپنی پارٹی اور شہید بے نظیر بھٹو سے وفاداری کی، میں نے وفاداری کا دامن نہیں چھوڑا ہے اور مجھے اس کی سزا دی گئی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے اس ملک میں یہ بڑی روایت قائم کی ہے اور دوسری پارٹیوں کو اس سے سیکھنا چاہیے۔ 1997 میں جب ایوان میں 16 members تھے تب بھی ہم ایوان میں بیٹھے، جب ہماری leadership کو شہید کیا گیا تب بھی ہم نے آئین اور قانون کا ساتھ نہیں چھوڑا جب آئین میں یہ لکھا گیا ہے کہ Government is responsible to Parliament اس میں یہ نہیں لکھا گیا کہ یہ حکومت صرف treasury کو جواب دہ ہوگی، حکومت اپوزیشن کو بھی جواب دہ ہوگی۔ اس وجہ سے جناب چیئرمین! یہاں پر کمیٹیوں کا effective system ہے کہ حکومت ان کمیٹیوں کو responsible ہوگی، اس کمیٹی میں Opposition کی بھی representation ہوتی ہے اور حکومت کی بھی ہوتی ہے۔ اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس ایوان کے جو بڑے کام ہیں جن میں Law making and to make the Government responsible to the Parliament ان کو آگے بڑھایا جائے نہ کے ہم یہاں پر کسی کو defame کرنے کے لیے یا کسی ادارے یا فرد کی تضحیک کرنے کے لیے نہیں بیٹھے ہوئے۔ Constitution کے Article-14 میں dignity of every citizen کی guarantee دی گئی ہے۔ میرے خیال سے آپ کی Leadership میں آج جو شروعات ہوئی ہے میں آپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ یہاں پر

سندھ حکومت کے حوالے سے کچھ باتیں ہوئیں، میری فاضل بہن یہاں پر بیٹھی تھی انہوں نے بات کی کہ سندھ خصوصا طور پر کراچی میں Law and Order کی situation خراب ہے میرے خیال سے سندھ میں Caretaker Government کے دوران یہ situation کچھ علاقوں میں ہاتھ سے نکلی تھی لیکن موجودہ حکومت جیسے آئی ہے اس دور میں situation بہتر ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کو بھی پتا ہے کراچی میں کیا ہوا ہے ؟ جب تیس تیس آدمی گرتے تھے، بوری بند لاشیں آتی تھیں، اب وہ دور کراچی میں نہیں ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں حکومت کا پہلا کام to protect the lives of the people, property of the people and dignity of the people, یہ تین basic rights ہیں، third generation rights ہیں یہ حکومت کے بنیادی کام ہیں اور سندھ حکومت اس پر بالکل کام کر رہی ہے۔ میری بہن نے کہا پاکستان پیپلز پارٹی کو سندھ میں پندہ سالوں سے mandate ملا ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ mandate ہمیں کسی خیرات میں نہیں ملا یہ ہم کو عوام نے دیا ہے، ہمیں یہ شہادتوں کی وجہ سے اور اپنے کام کی وجہ سے ملا ہے، اپنی قربانیوں کی وجہ سے ملا ہے۔ یہ کہنا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو سندھ میں جو پندرہ سالوں سے mandate ہے، سندھ کے عوام نے پندرہ سالوں سے کیوں mandate دیا ہے؟ کیوں کہ ہم نے عوام کی خدمت کی ہے۔ Caretaker government میں سندھ کے کچھ upper districts میں Law and Order کی situation پیدا ہوئی تھی لیکن Law and Order کی situation جب پیدا ہوتی ہے اس کا بھی تھوڑا بہت background ہے۔ میں آپ کا اتنا وقت نہیں لوں گا۔ ہمارا جو law enforcement کے ساتھ relationship ہے وہ بہت dangerous ہوتا ہے کیوں کہ تھانہ ہمارا ہوتا ہے، تھانے میں SHO, Inspector and Sub Inspector ہمارا ہوتا ہے لیکن SP, DIG, Additional IG and IG, Police Service of Pakistan سے آتے ہیں ان کو Federal Government Control کرتی ہے اور یہ devolution کا unfinished agenda ہے کہ صوبوں میں جو dministration ہے Provincial Government جس situation میں

کام کرتی ہے یہ Policing and Law and Order Federal Legislative List میں نہیں ہے۔ یہ devolution کا unfinished agenda ہے۔ Police Service of Pakistan کو صوبوں کے حوالے کیا جائے جو کہ نہیں کیا گیا۔ اگر یہ situation ختم ہو گی تو صوبوں میں جو Law and Order کی situation ہو گی وہ بہتر ہو گی، شکریہ۔

**Senator Saifullah Abro**

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: شکریہ جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ ہمارے جو نئے دوست آئے ہیں، میں ان سب کو مبارک باد دینا چاہتا ہوں اور ہمارے یہ سب دوست خوش نصیب ہیں کہ چھ سالوں کے بعد جہاں پر آپ بیٹھے ہیں، ایک خاندانی آدمی بیٹھا ہے۔ اگر یہ چھ سال پہلے ہوتے تو شاید ان کو اندازہ ہوتا کہ ایوان کیسے چلایا جاتا ہے۔ آپ کی اپنی فیملی کی ایک history ہے۔ ماشاء اللہ جب آپ سپیکر تھے اور پرائم منسٹر تھے ہم TV پر دیکھتے تھے کہ آپ as a Prime Minister سب سے پہلے آکر بیٹھ جاتے تھے شاید نہ اس سے پہلے اور نہ اس کے بعد چاہے وہ old Pakistan one ہو، چاہے وہ old Pakistan two ہو، چاہے نیا پاکستان ہو، چاہے PDM کا پاکستان ہو اور چاہے یہ ہمارا پاکستان ہو کہ کوئی پرائم منسٹر آکر ایسے بیٹھے۔ آپ نے یہ ایسی روایت ڈالی کہ لوگوں کا پارلیمان پر اعتماد بحال ہوا۔ بہر حال میں ان پرانی باتوں پر نہیں جانا چاہتا کیونکہ وقت محدود ہے۔ ان شاء اللہ آپ سے اس پر وقت لیں گے اور صرف اسی issue پر بات کریں گے۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ آپ کے تجربہ سے اور آپ کے اخلاق سے ہم کم از کم شاید پاکستان کے تمام اداروں کے لیے تو کچھ نہ کر سکیں کیونکہ یہاں کچھ ہوتا بھی نہیں ہے۔ یہ جو ایوان ہے جس کو Upper House بھی کہتے ہیں۔ یہاں دوست بیٹھے ہیں لیکن دکھ کی بات ہے کہ بہت کم لوگ موجود ہیں۔ محمود الحسن صاحب تو ابھی آئے ہیں، ہمارے ساتھ ان کا دوسرا tenure ہے۔ میں آپ کو اتنا بتانا چاہتا ہوں کہ یہ جو ایوان ہے یہ اسی level پر کام نہیں کرتا۔ اگر آپ ہمارے آخری session میں ہوتے، آپ تو تھے ماشاء اللہ آخری session میں، تو جو ہمارے سینیٹرز یہاں سے retire ہو کر گئے، آپ یقین کریں اور میں یہ نئے دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ ایک سینیٹر بھی اس ایوان کی کارکردگی سے مطمئن

نہیں تھا۔ ہر سینیٹر کو یہ شکایت تھی کہ میں چھ سال جس وجہ سے اس ایوان میں آیا تھا میں وہ کام نہیں کر سکا۔

اس ایوان بالا نے اپنا کردار ادا نہیں کیا۔ اس کی وجہ کیا تھی؟ میں یہ چاہوں گا اور میری آپ سے یہ التجا بھی ہے اور مجھے امید بھی ہے کہ انشاءاللہ پہلے آپ کی leadership میں ہم اس Upper House کو Upper House بنائیں اور without party affiliations ہم وہ کام کریں جو پاکستان کی بہتری اور پاکستان کے عوام کی بھلائی کے لئے ہوں۔ اس ضمن میں ہماری پارٹیوں کی حیثیت بشمول اپوزیشن، وہ دوسرے نمبر پر ہونی چاہیے اور پاکستان پہلے نمبر پر ہونا چاہیے۔ ہم تمام پارٹیاں مل کر اس کام کو appreciate کریں جو پاکستان اور پاکستان کے عوام کی بھلائی کے لیے ہیں چاہے اس پر ہماری اپنی پارٹی مخالفت کرے ہم سب مل کر اس آگے آئیں۔ جو بھی پارٹی، خواہ وہ کوئی بھی حکومتی یا اپوزیشن پارٹی ہو، اگر وہ یہ کام کرنا چاہتی ہے کہ جس سے پاکستان کی عوام کا نقصان ہو تو ہمیں مل کر یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم سب آپ کی قیادت میں یہ پورا ایوان اس کے سامنے دیوار بن کر کھڑے رہیں کہ یہ قانون آپ کو یہاں سے پاس نہیں ہونے دیں گے۔

میرے پاس ابھی وہ2012 کی سبز رنگ کی کتاب موجود نہیں ہے، ہمیں اس کو پاس کرنا چاہیے اور یہ کام آپ کر سکتے ہیں۔ میں ان دوستوں کو یہ بات بار بار اس لیے بتانا چاہتا ہوں کہ ہمیں بھی یہاں تین سال ہو گئے ہیں۔ ہم نے جو دیکھا اس پر ایک شعر پڑھنا چاہتا ہوں لیکن یہ آپ کے لیے نہیں ہے۔ جو آپ سے پہلے ایک شخص یہاں تخت نشین تھا، اس کو بھی اپنے خدا ہونے پر بڑا یقین تھا۔ جو اس نے اس ایوان کا حشر کیا، سینیٹ کی پچاس سالہ تاریخ میں اس سے گندہ tenure کوئی نہیں تھا۔

جیسا کہ ابھی ہمارے بیرسٹر صاحب، جو دوست اور ہمارے بھائی ہیں، ضمیر صاحب، انہوں نے بھی اس پر بات کی یہ جو سینیٹ کی Standing Committees ہیں وہ under continuity of this House کام کرتی ہیں۔ یہ کمیٹیاں اس ایوان کی ears and eyes ہیں۔ ان standing Committees کے چیئرمین on the behalf of Chairman Senate کام کرتے ہیں۔ جناب آپ کے behalf پر۔ Senate

standing کی سینیٹ کہ ہے موجود میں اس یہ ہے، میں کتاب کی Ruls,2012 Committees کے چیئرمین کی جو powers ہیں وہ وہی powers ہیں جو سینیٹ کے چیئرمین کی ہیں۔

اب میں پانچ چھ مثالیں ان دوستوں کو دینا چاہتا ہوں۔ آج کل ایوان میں اکثریتی جماعت Peoples Party ہے۔ ان کے حصے میں کمیٹیاں بھی زیادہ آئیں گی۔ تاج حیدر صاحب بھی یہاں موجود ہیں اور لازمی طور پر آپ کو بھی کمیٹیاں ملیں گی اور کچھ باقی دوستوں کو بھی ملیں گی۔ جیسے ضمیر بھائی نے کہا کہ یہاں پر departments کو کمیٹیوں کے سامنے accountable ہونا چاہیے۔ میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ ایسا پہلے نہیں تھا۔ یہاں سینیٹ کے Chairman standing Committee کی یہ power ہے کہ اگر کوئی آفیسر کمیٹی میں نہیں آتا تو اس کو سمن جاری کیا جاتا ہے۔ لیکن یہاں کیا ہوتا تھا کہ پہلے آپ کو سمری فائل چیئرمین سینیٹ کو بھیجنی ہوتی ہے اور پھر چیئرمین یہ کرتے تھے کہ وہ فون ملاتے تھے کہ بھائی آپ کے لیے یہ سمن آیا ہے۔ اب آپ مجھے بتائیں میں آپ کا یہ کیس۔ تو اگلے دن وہ متعلقہ آفیسر جہاں بھی ہوتا تھا وہ آ کر یہاں business house میں براجمان ہو جاتا تھا۔

مجھے امید ہے کہ آپ جس ایوان میں بیٹھے ہیں ان شاء اللہ اس کا وقار آپ ایسے بحال کریں گے جیسے آپ PM تھے، جیسے آپ سپیکر قومی اسمبلی تھے۔ ورنہ یہ آپ سے اور نو اپریل سے پہلے [xxx] تھی۔ یہ purely [xxx][1] تھی۔ یہ آپ کے نیچے چند صاحبان بیٹھے ہیں آپ ان سے record منگوائیں۔ جتنی اقربا پروری اس چھ سال میں ہوئی ہے اور جتنا بے توقیر سینیٹ ان چھ سالوں میں ہوا ہے، وہ جب آپ کوئٹہ جائیں گے تو اس کا اجر آپ کو کوئٹہ میں دیکھنے کو ملے گا جہاں اربوں کے محل ہیں اور عربوں جیسے بنے ہیں۔ 2018 سے پہلے جو لوگوں کی حیثیت تھی وہ آپ ابھی جا کر دیکھیں۔ اس standing Committee کا چیئرمین کسی کو سمن نہیں کر سکتا اور وہ افسر ٹوکتے ہیں اور سینیٹرز پر ہنستے ہیں کہ آپ کس نام کے سینیٹرز ہو، کس ایوان بالا کے آپ ممبران ہیں کہ آپ ہمیں سمن نہیں کر سکتے۔ ہم تو وہاں سے آکر بیٹھ جاتے ہیں۔

[1] [Words expunged as ordered by the Chairman.]

پھر دوسرے نمبر پر یہ کہ جب دیکھا جاتا ہے کہ کوئی کمیٹی کسی issue پر discuss کرتی ہے اور وہ طول پکڑ جائے تو اس کے لئے sub-committee بنتی ہے۔ ذیلی کمیٹی بنانا کمیٹی چیئرمین کا استحقاق ہے۔ یہاں یہ حکم تھا کہ آپ ذیلی کمیٹی نہیں بنا سکتے۔ آپ چلے جائیں، وہ سمری ہو گی۔ یقین کریں کہ جب میں power Committee کا چیئرمین تھا اور پونے تین سال کے عرصہ میں میری ایک بھی ذیلی کمیٹی نہیں بن سکی۔

بلوچستان میں اڑتالیس ہزار tube well تھے۔ ان میں سے انیس ہزار غیر قانونی اور انتیس ہزار قانونی تھے۔ میرے بلوچستان کے دوست یہاں موجود ہیں، وہاں تو transmission line ختم ہو جاتی ہیں۔ ان لوگوں کو وہ payment کیسے ہوتی ہے؟ QESCO بجلی چوری میں ملوث ہو اور حکومت پاکستان سے پیسے claim کرے کہ میرے یہ tube well ہیں جن کی آپ نے ادائیگی کرنی ہے۔ ہم نے جب وہ کمیٹی بنائی تو معلوم ہوا کہ اگلے دن سیکرٹری پاور یہاں آ کر بیٹھے تھے۔ اب آپ کہاں جائیں، یہ سینیٹرز کیا کریں گے جا کر۔ نہ آپ ذیلی کمیٹی بنا سکے اور نہ ہی کسی سرمست ہاتھی آفیسر جو کسی کمیٹی میں نہ آئے، اس کو آپ بلا سکیں۔

اس کے بعد آپ یہ دیکھیں کہ اس ایوان کے ممبران کے اپنے علاقوں کے مسائل ہوتے ہیں۔ تو ہر سینیٹر کبھی نہ کبھی کمیٹی کے چیئرمین کو کہتا ہے کہ میرے علاقے کا یہ مسئلہ ہے تو وہ اپنی کمیٹی کے علاوہ اس متعلقہ کمیٹی میں بھی بیٹھا کرتے تھے۔ لیکن یہاں پر ban کر دیا گیا کہ سینیٹر اپنی کمیٹی کے علاوہ ایسی کسی کمیٹی میں نہیں بیٹھ سکتا لیکن اس کے برعکس بزنس میں جو باہر کا بندہ deal کرکے آئے تو اس کو آپ نے لازمی بٹھانا ہے۔

یقین کریں یہ سینیٹ اتنا بے توقیر ہوا ہے کہ آپ کی سوچ ہے۔ اربوں کی inquiries ہوئی ہیں۔ مجھے تو تعجب ہوا کہ جب power division کا منسٹر کہہ رہا تھا اس وقت پاکستان کا مسئلہ بجلی کی چوری ہے۔ انشاءاللہ میں اگلے session میں آپ سے وقت لوں گا اور میں اس کو challenge کرتا ہوں کہ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ 542 ارب روپے صرف پاکستان کے energy sector کا issue ہے۔ صرف ایک لاہور کی کمپنی ہے Newage کے نام سے، آپ صرف اس کا اندازہ لگائیں کہ اس نے contracts کی مد میں کیسے اربوں روپے کی کرپشن کی ہے۔ آپ کرپشن کہاں سے روکیں گے۔ آٹھ آٹھ سو ملین ڈالر کے کاموں میں آپ بیٹھ کر کرپشن کریں

گے اور پھر آپ کمیٹیوں کو تبدیل کریں گے۔ پہلی کمیٹی تھی power division کی جس کے نو ممبران کی composition کو تبدیل کیا گیا

Only to stop the inquiry against the 800-million-dollar project of World Bank, Dasu transmission line.

یہ کیا ہے؟ ہم بیٹھ کر کس کو سبق دینا چاہتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ یہاں جو چیزیں ہیں۔ میں آتا ہوں۔ ہم نے بھی یہاں تین گھنٹے بیٹھ کر سلیم اللہ کلیم اللہ ہوتے دیکھا ہے۔ میں صرف دو منٹ بات کرکے بیٹھ جاؤں گا۔ جناب! آپ یقین کریں کہ نو مئی سے ہمیں بھی بہت تکلیف ہے۔ یہ جو نو مئی کیس کی یہاں باتیں ہوتی ہیں تو اس پر براہ مہربانی آپ تمام پارٹیوں کے ایک ایک نمائندے پر مشتمل ایک کمیٹی بنائیں جو کہ اس ایوان میں گزشتہ چھ سالوں میں جو بھی rules واپس کیے گئے ہیں ان کی پڑتال کرے۔ مجھے اس دن بڑی خوشی ہوئی جب میں آپ سے ملنے اور مبارک باد دینے آیا تو آپ ایک ایک چیز ڈپٹی چیئرمین کو دے رہے تھے کہ یہ بھی آپ کا کام ہے، یہ بھی آپ کا ہے اور یہ بھی آپ کا ہے۔ کیا آپ کو پتہ ہے کہ آپ سے پہلے Peons کی سمری بھی چیئرمین سینیٹ ہی کرتے تھے۔ allotment کا کام جو ڈپٹی چیئرمین کا تھا وہ بھی نہیں کر سکتا تھا۔ Appointment میں دیکھیں کہ چھ چھ سات سات لوگ بیٹھے ہیں۔ Deputation میں رولز کی violations ہیں جیسا کہ deputation clause یہ کہتا ہے کہ اگر کوئی ملازم تین سال کے لئے آئے تو department کو استحقاق ہے کہ وہ دو سال اس کو continue کرے۔ مطلب یہ کہ سارا tenure پانچ سال کا ہوتا ہے لیکن یہاں لوگ چھ چھ سال سے کیسے بیٹھے ہیں؟ اگر ہم سینیٹ میں ان ملازمین کو حق نہیں دے سکتے، اس ایوان کے قانون نہیں بحال کر سکتے تو باقی ملک کے مسائل تو بہت سارے ہیں، تو وہ کہاں حل ہونے ہیں۔

میں پاکستان سے اٹھارہ سال چھوٹا ہوں اور میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے تب سے میں یہی سنتا آیا ہوں کہ وہ ہو کہ جس میں ملک کے لئے بہتری ہو۔ لیکن میں نے یہ دیکھا کہ کچھ بھی نہیں ہوا۔ ابھی تک کیا ہوا ہے؟ کچھ نہیں ہوا۔ باقی چیزیں آپ یقین کریں کہ اس وقت جن دوستوں کو نو مئی پر تحفظات تھے، تو نو مئی کی ہم بھی مذمت کرتے ہیں۔ میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ آپ اس کی inquiry اگر اور کسی جگہ پر نہیں ہوتی تو یہاں سے start کریں۔ جس آئی جی کو تمغہ شجاعت دیا گیا ہے، اس کو یہاں بلائیں۔ یہ ایک case ہے، آپ اس کی investigation یہاں پر کرائیں،

ہم ویسے بھی live چلتے ہیں۔ عالیہ حمزہ ملک، طیبہ راجہ اور ہماری بہت ساری خواتین تھیں۔ ایک case عوام کے سامنے آ گیا ہے، ان پر ایک FIR 9 May کی 4.45 پر کاٹی گئی، انہوں نے 4 بجکر 45 منٹ پر جناح ہاؤس پر حملہ کیا، انہوں نے 4 بجکر 46 منٹ پر تھانہ جلایا، وہ تقریباً ایک سال سے قید میں ہیں۔ ان کو جب رہا کیا گیا تو باہر پولیس کھڑی تھی، اس نے کہا کہ آپ نے 4 بجکر 51 منٹ پر میانوالی میں بھی تھانہ جلایا۔ اس کے بعد سرگودھا کی پولیس پہنچی اور انہوں نے کہا کہ 4 بجکر 57 منٹ پر وہاں بھی تھانہ جلایا ہے۔ ان کے پاس کوئی جادو کا چراغ تھا، اگر عالیہ حمزہ ملک اور طیبہ راجہ کو اتنا اختیار ہے کہ وہ within five minutes پورے پنجاب میں travel کر سکتی ہیں اور کہاں پر میانوالی ہے اور کہاں پر لاہور ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کو پھر حکومت نہیں کرنی چاہیے۔ عالیہ حمزہ ملک اور طیبہ راجہ کو آگے لانا چاہیے کہ ان میں اتنی efficiency ہے کہ وہ وہاں پر پہنچ سکتی ہیں اور وہ باقی مسائل کو بھی حل کر دیں گی۔ جناب! اس IG کو یہاں پر بلائیں کہ اس کو تمغہ شجاعت کس basis پر دیا گیا ہے، آپ اس کو بلائیں۔

جناب! میں آپ سے آخری التجا کرتا ہوں کہ پنجاب کا نان بائی بڑی مصیبت میں ہے اور نان بائی کی بری حالت ہے لیکن مافیا گندم کا باردانہ اٹھاتا ہے۔ کل جناب ندیم افضل چن صاحب نے TV پر کہا کہ یہاں پر گندم کا باردانہ sale ہو رہا ہے۔ نان بائی مصیبت میں ہے اور پوری leadership تندور پر کھڑی ہے لیکن مافیا وہاں سے سارا باردانہ لے کر چلا گیا ہے۔ آپ اس پر کوئی نہ کوئی effort کریں۔ ان شاء اللہ، باقی آپ سے بعد میں بات ہو گی۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر خلیل طاہر صاحب! میں آپ سے معذرت کروں گا کہ آپ کل پہلے سپیکر ہوں گے کیونکہ میں اجلاس adjourn کرنا چاہتا ہوں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: انہوں نے اپنے دل کی بات کر لی اور کچھ چیزیں کہی گئی ہیں۔ میں record کی درستی کے لیے بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ اس معزز ایوان کے بارے میں [XXX][2] کے الفاظ استعمال کئے جائیں، وہ الفاظ expunge کئے جائیں۔۔۔

Mr. Chairman: The words are expunged.

(مداخلت)

[2] [Words expunged as ordered by the Chairman]

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ بھی اسی ایوان حصہ تھے اور اس ایوان کی عزت ہے۔ آپ cross talk نہ کریں۔ میری تجویز ہے، ہمیں کچھ چیزیں حد ادب میں رہ کر کرنی چاہییں۔ اچھا، آپ cross talk نہ کریں۔ میری جناب چیئرمین صاحب سے گزارش ہو گی۔۔۔

Mr. Chairman: No cross talk please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اسی لیے میں دوسری بات یہ کررہا ہوں۔ آپ ذرا تحمل سے بات سنیں گے، اچھا، آپ یہ سبق نہ پڑھائیں۔ وہ سارا کچھ open committee میں ہوا ہے۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ آپ پر جو الزامات لگے اور آپ کے خلاف in writing درخواستیں آئیں، open House میں television کیمرے کے سامنے آپ کا پردہ چاک کیا گیا کہ آپ نے کمیٹی میں جو تماشا لگایا ہوا تھا اور corruption کے دروازے کھولے ہوئے تھے اور آپ ذرا اپنے آپ کو control کریں۔ میں قائد حزب اختلاف سے بھی کہوں گا کہ ان کو تھوڑا سا سبق سکھائیں اور یہاں پر یہ باتیں کرنے والی نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب! آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: وہ TV proceedings کے کیمرے کے سامنے ہوئیں اور جو کام وہاں پر ہورہا تھا، وہ سب کے سامنے آشکار ہوا۔ جناب! غیر پارلیمانی بات ہوتی ہے، وہ غیر پارلیمانی ہوتی ہے، ان کو سمجھنا چاہیے۔

Mr. Chairman: The House stands adjourned to meet again on Friday the 26th April, 2024 at 10.30 a.m. Thank you.

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Friday the 26th April, 2024 at 10.30 a.m*

-------------------